OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
ISSN (Online): 2664-0171
https://mei.aiou.edu.pk

اعجازِ قرآن کا سائنسی پہلو (جدید سائنسی انکشافات کے تناظر میں ایک جائزہ)

Scientific Miraculous Aspect of Holy Quran(A Review in the Light of Modem Scientific Revelations)

فوزیہ بتول
پی ایچ۔ڈی ریسرچ سکالر، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

Abstract

Quran is a word of Allah Almighty revealed on the Holy Prophet (PBUH) with an eternal divine law (*Shariah*). This is the gospel of ceaseless blessings and a revolutionary lesson to deliver the man his actual status. Quran has numerous aspects and each one of them itself is a miracle. Ancient nations were not enough capable to be made trustee of immortal divine law (*Shariah*) as they were only familiar with the things they could see, touch or feel with senses. That's reason they used to worship idols and were animist. So the prophets sent to them were given miracles according to their mental level. But when the human thoughts reached at the advanced level they were handed over the eternal divine law and code of life in the form of Quran, which is the prevalent miracle of Allah Almighty. The way Quran has been challenging the people for more than fourteen centuries itself proves the miraculous aspect of it.

One of its miraculous aspects is scientific. The Quran draws attention to the signs and emblems present in the earth and heavens so that man should consider among them as a result of which he gains the knowledge about Allah and knows about the splendid blessings of Allah and becomes a thankful slave of Him. Therefore, it is important to clarify modern scientific inventions and discoveries in the interpretation of the Quran. The Quran made scientific discoveries fourteen centuries ago that are being revealed to scientists today. So in this article I have discussed the latest miracles of the Quran in the scientific field which would certainly be helpful for the researchers and for those seeking Allah Almighty.

Key Words: *Quran, miracle, science, discoveries, divine law*

تمہید

حضرت آدم علیہ السلام کی خلقت کے ساتھ ہی اولاد آدم (ع) کی تعلیم وتربیت کے لیے ابتدائی درسگاہ کھول دی گئی اور نظام حیات کی ابجد سے درس شروع ہو گیا۔ حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں پہلی بار شریعت کی تدوین ہوئی۔ پھر عصر خلیل علیہ السلام میں ملت اسلامیہ کی داغ بیل ڈالی گئی۔ لیکن عصر کلیم علیہ السلام کے انسان میں شعور وادراک کا یہ عالم تھا کہ وہ ایک بچھڑے کو خدا ماننے پر آمادہ تھا۔ عصر مسیح علیہ السلام میں انسانیت کی اس تربیت گاہ کو خداوند عالم نے شریعت

عیسوی کے ذریعے مزید وسعت دی اور انسانی ترقی کے نصاب میں انجیل کا اضافہ کر کے رحمت و شفقت اور انسان دوستی کی تربیت دی گئی۔

ان ادوار میں انسان ابھی عہد طفولیت میں تھا، لہٰذا اس کی تربیت و تعلیم کے لیے سمعی و بصری ذرائع سے کام لیا گیا اور انہیں ایسے معجزات دکھائے گئے جو محسوسات و مشاہدات سے متعلق تھے۔ جب انسان عقل و شعور کے لحاظ سے بلوغت کی منزل کو پہنچ گیا تو اسے محسوس معجزات کی جگہ معقول معجزہ (قرآن) دیا گیا، کیونکہ انسان اس قابل ہو گیا تھا کہ اسے ایک جامع "ضابطہ حیات" اور ایک ابدی "دستور زندگی" کا امین بنایا جائے۔ چنانچہ قرآن جیسا معجزہ عنایت فرما کر اللہ تعالیٰ نے اس امّت مرحومہ کو اس قابل بنایا کہ وہ اس سرمدی امانت کی حامل بن جائے۔ اس نعمت الٰہی کی معرفت اور اس کی قدردانی کی واحد صورت یہ ہے کہ کلام اللہ کو حتی الامکان سمجھا اور سمجھایا جائے۔ کیونکہ اس کتاب میں اللہ تعالیٰ ہر خشک و تر کا ذکر کر دیا ہے جسے اہلِ علم ہر دور میں واشگاف کر رہے ہیں۔ اس میں آج کے سائنسی دور میں جدید تحقیقات بھی وہ حقائق سامنے لا رہی ہیں جو صدیوں پہلے قرآن مجید نے واضح کر دیے تھے۔

معجزہ کا لغوی و اصطلاحی مفہوم

لفظ معجزۃ کا اصل مادہ 'عَجْز' ہے اور معجزۃ باب افعال سے اسم فاعل کا صیغہ ہے جس کا مطلب عاجز کرنے والے کے ہیں، یہ لفظ قدرت کا متضاد ہے۔ لسان العرب میں ہے کہ: "العجز نقيض الحزم، والعجز: الضعف، وعجز عن الامر اذا قصر عنه"[1] (یعنی عجز نقیض ہے حزم کا اور عجز کا معنی کمزوری و معذوری ہے، فلاں شخص کام کرنے سے عاجز ہے یعنی قاصر ہے) معجم الوسیط میں اس کا معنیٰ اس طرح آیا ہے: "عجز عن الشئ ضعف ولم يقدر"[2] (یعنی فلاں کسی کام سے عاجز آ گیا یعنی وہ کمزور ہے اور قدرت نہیں رکھتا) قرآن مجید میں اس لفظ کا اس طرح ذکر ہوا ہے:

﴿وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ﴾ [3]

ترجمہ: اور جنہوں نے ہماری آیات کے بارے میں کوشش کی کہ (ہمیں) مغلوب کریں۔

اس آیت کے حوالے سے زجاج لکھتے ہیں کہ اس کا مطلب ہے کافروں نے یہ گمان کیا کہ وہ ہمیں عاجز کر دیں گے کیونکہ ان کا خیال تھا کہ وہ قیامت کو اٹھائے نہیں جائیں گے ناجنت ہو گی ناہی جہنم ہو گی۔[4]

معجزہ کا اصطلاحی معنیٰ

علماء نے معجزے کا اصطلاحی معنیٰ اس طرح لکھا ہے:

"أمر خارق للعادة مقرون بالتحدى سالم من المعارضة يظهره الله علىٰ يد رسله"[5]

ترجمہ: معجزہ قوانین طبیعت کو توڑنے والا وہ کام ہوتا ہے جس میں تحدی (چیلنج) موجود ہو، جو تعارض سے سلامت ہو اور اللہ تعالیٰ اس کو اپنے نبی کے ہاتھ پر ظاہر کرے۔

اسی سے ملتی جلتی تعریف زرقانیؒ نے بھی لکھی ہے۔[۶] قاضی عیاض مالکیؒ فرماتے ہیں کہ جو کچھ انبیاء علیہم السلام اپنے ساتھ لے کر آتے ہیں اُسے ہم نے معجزے کا نام اِس لئے دیا ہے کہ مخلوق اُس کی مِثل لانے سے عاجز ہوتی ہے۔[۷] امام خازنؒ معجزہ کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ معجزہ اللہ کے نبی اور رسول کی طرف سے (جملہ اِنسانوں کے لئے) ایک چیلنج ہوتا ہے۔ معجزہ نبی و رسول کی حقّانیت اور صداقت پر دلیلِ ناطق ہوتا ہے اُسے (عرفاً و شرعاً) معجزہ کا نام اِس لئے دیا گیا ہے کہ اُس کی مِثل (نظیر) لانے سے مخلوقِ اِنسانی عاجز ہوتی ہے۔[۸] البیان فی تفسیر القرآن کے مطابق معجزہ یہ ہے کہ کسی الٰہی منصب کا دعویدار اپنے دعوے کی تصدیق کے لیے قوانین طبیعت کو توڑ کر ایسا عمل انجام دے جس سے دوسرے لوگ عاجز ہوں۔[۹]

مذکورہ تعریفات کے مطابق معجزے کے لیے درج ذیل امور ضروری ہیں، ورنہ وہ معجزہ نہیں ہوگا:

۱۔ یہ عمل الٰہی منصب کا دعویٰ رکھنے والے سے صادر ہو۔ اگر کوئی اور شخص ایسا عمل انجام دیتا ہے جسے جہالت کی وجہ سے دوسرے لوگ انجام نہیں دے سکتے تو یہ معجزہ نہیں ہوگا۔

۲۔ معجزہ کے لیے لازم ہے کہ قوانین طبیعت کے مطابق نہ ہو، کیونکہ اگر طبیعی قوانین کے مطابق کوئی عمل سر انجام پاتا ہے تو یہ بھی معجزہ نہ ہوگا۔

۳۔ دوسرے لوگ اس قسم کا عمل سر انجام دینے سے عاجز ہوں۔ لہٰذا اگر کوئی تجربہ فطری قوانین کے تحت طبیعت کو مسخر بنادے تو یہ معجزہ نہ ہوگا۔ خود قرآن مجید میں ارشاد ہوا ہے کہ زمین و آسمان کی ہر چیز انسان کے لیے مسخر کر دی گئی ہے:

﴿أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّـهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً﴾[۱۰]

ترجمہ: کیا تم لوگ نہیں دیکھتے کہ اللہ نے زمین اور آسمانوں کی ساری چیزیں تمہارے لیے مسخر کر رکھی ہیں اور اپنی کھلی اور چھپی نعمتیں تم پر تمام کر دی ہیں۔

۴۔ معجزہ یا خارق العادۃ کام اللہ تعالیٰ کی اجازت اور حکم کے تابع ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہبہ ہے کوئی بھی شخص اس کے زمان و مکان کا تعین نہیں کر سکتا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

﴿وَأَقْسَمُوا بِاللَّـهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن جَاءَتْهُمْ آيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۚ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ اللَّهِ﴾ [11]

ترجمہ: یہ لوگ کڑی کڑی قسمیں کھا کھا کر کہتے ہیں کہ اگر کوئی نشانی ہمارے
سامنے آجائے تو ہم اس پر ایمان لے آئیں گے اے محمدؐ! ان سے کہو کہ
"نشانیاں تو اللہ کے پاس ہیں۔

۵۔ معجزہ مخالف کو کھلے چیلنج کے ساتھ انجام دیا جاتا ہے اور چیلنج واضح الفاظ میں ہوتا ہے کہ نبی کہے جو کام میں کر رہا ہوں تم اس کو کرنے سے مکمل عاجز ہو۔ بعض علماء نے فرق کیا ہے کہ اگر خارق العادۃ کام چیلنج کے ساتھ ہو تو وہ معجزہ ہوتا ہے اور اگر اس میں چیلنج نہ ہو تو وہ علامات النبوۃ کہلاتا ہے۔ جیسا کہ ابن حجرؒ نے لکھا ہے علامات معجزہ اور کرامت دونوں کو شامل ہے، معجزہ اور کرامت میں فرق یہ ہے کہ معجزہ اخصّ ہے۔ [12]

معجزے کی ضرورت

انسانی ہدایت کے لیے رسولوں کا مبعوث ہونا از روئے عقل و نقل ضروری ہے اور جب تک انبیاء کے پاس اپنے دعوے پر شاہد کے طور پر ایک مضبوط اور ٹھوس دلیل نہ ہو لوگ انہیں قبول نہیں کرتے اور اللہ کی طرف سے اتمام حجت بھی نہیں ہوتی۔ چنانچہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اعلان نبوت فرمایا:

﴿وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّىْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ﴾ [13]

ترجمہ: اور موسیٰ نے کہا: اے فرعون میں رب العالمین کا رسول ہوں۔

تو فرعون نے دلیل مانگی:

﴿قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ﴾ [14]

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: اگر تم سچے ہو اور کوئی نشانی لے کر آئے ہو تو اسے پیش کرو۔

ظاہر ہے کہ وہ نشانی اور حجت معجزے کے سوا کچھ اور نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ یہ دلیل اگر عاجز کر دینے والی (معجزہ) نہیں ہے تو اس کا مطلب ہے کہ دوسرے لوگ بھی ایسی ہی دلیل پیش کر سکتے ہیں۔ یوں ہر شخص کے لیے دعویٰ نبوت کرنا آسان ہو جائے گا اور اگر یہ دلیل صرف معجزہ میں منحصر ہو جائے تو جھوٹے دعویداروں کی قلعی کھل جائے گی۔

دوسری طرف ہدایت الٰہیہ اور خدائی دعوت کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ لوگ ان عقائد و نظریات، روایات و عادات اور مذاہب و ادیان کو ترک کر دیں جو باپ دادا سے انہیں وراثت میں ملی ہیں اور یہ کوئی آسان کام نہیں کہ کسی کے کہنے پر لوگ مروجہ عادات و رسوم ترک کر کے کوئی اور عمل سرانجام دیں۔ پھر انبیاء علیہم السلام کی طرف سے دعوت جبر و اکراہ کے ساتھ نہیں ہوتی کیونکہ ﴿لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ﴾ [15] (یعنی دین میں کوئی جبر و اکراہ نہیں) نہ ان جدید نظریات کو طاقت کے ذریعے مسلط کیا جا سکتا ہے، ﴿لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ﴾ [16] (یعنی آپؐ ان پر مسلط نہیں ہیں) بلکہ انبیاء کی دعوت دلیل و منطق کے ساتھ محبت اور ہمدردی پر مبنی ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ تو عقائد و نظریات کا معاملہ ہے جو دلوں سے مربوط ہے۔ اگر

جسموں پر تسلط ہو بھی جائے تو بھی نظریات دل میں جاگزیں نہیں ہوں گے۔ اس لیے ضروری ہے کہ انبیاءؑ اپنے دعوے کی سچائی کے لیے معجزہ پیش کریں۔

قرآن ایک ابدی معجزہ

قدیم امتیں عقل و فہم کے لحاظ سے اس قابل نہ تھیں کہ انہیں ایک ابدی شریعت کا امین بنایا جائے۔ وہ صرف محسوسات کے ادراک کے قابل تھیں۔ اس لیے وہ لوگ اپنے معبود کو بھی محسوس یعنی بت کی شکل میں لاتے تھے۔ ان کی طرف انبیاء بھیجے گئے تو انہیں جو معجزے دیئے گئے وہ بھی محسوس معجزات تھے۔ عصائے موسیٰ (ع)، ید بیضا، شق دریا اور مردوں کو زندہ کرنا وغیرہ محسوس معجزات تھے۔ انسانیت جب عقل و ادراک کی ارتقائی منازل طے کرتے ہوئے اس قابل ہو گئی کہ ایک ابدی شریعت اور دائمی دستور حیات کی امین بنائی جائے تو اسے جو معجزہ قرآن کی شکل میں دیا گیا، وہ معجزہ بھی ہے، ہدایت و رحمت بھی ہے اور شفا بھی اور ساتھ ایک نظام حیات بھی۔

معجزے کی اہمیت و عظمت دعوے کی اہمیت و عظمت سے مربوط ہے۔ ان دونوں میں تناسب بھی ضروری ہے۔ اگر دعویٰ محدود ہے تو معجزہ بھی محدود ہی ہو گا۔ اگر دعویٰ وقتی ہے تو معجزہ بھی وقتی ہو گا۔ لیکن اگر دعویٰ ابدی ہے تو معجزہ بھی ابدی ہو گا۔ چنانچہ حضرت موسیٰ (ع) کو اپنے دور کا معجزہ دیا گیا۔ یعنی سحر و ساحری کا توڑ۔ حضرت عیسیٰ (ع) کو ان کے زمانے کا معجزہ دیا گیا یعنی طب و مسیحائی۔ مگر چونکہ ان کے دعوؤں میں ابدیت نہ تھی، اس لیے ان کا معجزہ بھی انہی کے زمانے تک محدود تھا۔ لیکن رسالتمآب ﷺ کی نبوت و رسالت ایک ابدی اور ہمہ گیر رسالت تھی، اس لیے آپ (ص) کو ایسا معجزہ عطا ہوا جو کسی حد بندی میں محدود نہیں۔ لہٰذا معجزۂ رسول ﷺ یعنی قرآن مجید افراد، زمان، مکان اور موضوع کے اعتبار سے جامع، ہمہ گیر اور ابدی ہے۔

قرآن کا چیلنج

قرآن کے ابدی اور زندہ معجزہ ہونے پر اس سے واضح اور بین ثبوت کیا پیش کیا جا سکتا ہے کہ قرآن کے چیلنج کی آواز پندرہ صدیوں

سے علم و ادب اور فکر و نظر کی وسیع فضاؤں میں گونج رہی ہے اور آج تک دنیا کا کوئی نابغہ، مفکر، ادیب اور دانشور اس چیلنج کے سامنے ایک لمحے کے لیے ٹھہرتا ہوا نظر نہیں آیا۔ حتیٰ کہ کسی ملت میں بھی تاب مقاومت نہیں ہوئی۔ قرآن مجید نے اس چیلنج کو بار بار اور مختلف صورتوں میں دہرایا ہے۔ کبھی ارشاد ہوا: ﴿فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِنْ كَانُوا صٰدِقِيْنَ﴾[17] (پس اگر یہ سچے ہیں تو اس جیسا کلام بنا لائیں۔) کبھی دس سورتوں کا مطالبہ فرمایا: ﴿قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيٰتٍ﴾[18] (کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو اس جیسی خود ساختہ دس سورتیں بنا لاؤ) کبھی ایک مختصر سورت ہی کی دعوت دی: ﴿أَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَأْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهِ﴾[19] (کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو) محمد نے (از خود بنایا ہے؟ کہہ دیجیے: اگر تم) اپنے الزام میں (سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک سورۃ بنا لاؤ) اتنے غیر مبہم الفاظ میں ایسی وضاحت کے ساتھ کسی چیلنج میں اس سے زیادہ زور نہیں دیا جا سکتا۔

نہایت قابل توجہ بات یہ ہے کہ قرآن کے چیلنج کا رخ کسی ایک وقت، ایک صنف، ایک جماعت، ایک علاقے یا ایک زمانے کے افراد کی طرف نہیں ہے بلکہ یہ قرآن کی ہی طرح ایک ابدی اور لازوال چیلنج ہے، جس کی گونج قیام قیامت تک باقی رہے گی اور بنی نوع انسان کے تمام افراد اس میں شامل ہیں بلکہ قرآن میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ اگر تم انفرادی طور پر اس قرآن کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو بیشک اجتماعی کوشش کر دیکھو اور اللہ کو چھوڑ کر دنیا بھر کی مدد لے لو اور ہو سکے تو جنوں کو بھی اپنے ساتھ شامل کر لو۔[۲۰]

اس کے لیے کوئی تاریخ اور وقت مقرر نہیں بلکہ یہ ایک کھلا چیلنج ہے اور اس کی آواز ہر زمانے کی فضاؤں میں گونجتی اور دعوت مبارزت دیتی رہے گی۔

اعجاز القرآن کی اقسام

۱۔ قرآن مجید کا اعجازِ بیان

قرآن مجید فصیح و بلیغ عربی میں نازل ہوا ہے۔ قرآن مجید کی فصاحت کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایسی مستعمل عربی زبان میں نازل ہوا جس کے معانی واضح ہیں اور اس میں کوئی پیچیدگی یا سقم نہیں ہے۔[۲۱] اور بلاغت کا مطلب ہوتا ہے لفظ کی بہترین صورت کے ساتھ معانی کو (قاری) کے قلب تک پہنچانا۔[۲۲] اس لحاظ سے قرآن کریم کے معانی واضح اور قلب پر اثر انداز ہونے والے ہیں۔

جس دور میں قرآن کا نزول ہوا اس وقت عربوں میں نابغہ افراد کی کوئی کمی نہ تھی اور اس کے ساتھ ساتھ فراغت بھی حاصل تھی۔ مگر اس کے باوجود یہ لوگ ایک چھوٹی سی سورت بنانے سے بھی عاجز تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کلام الٰہی میں ایک لفظ کی جگہ بدلنے سے بھی نہ صرف آیت کے معنی درہم برہم ہو جاتے ہیں بلکہ اس کی طرز اور روح کلام بھی تبدیل ہو جاتی ہے اور یہی بات کلام الٰہی کے معجزہ ہونے کا معیار ہے۔

چنانچہ ایک شخص نے سورۂ حمد کا مقابلہ کرنے کی ایک سعی لاحاصل کی اور یوں عبارت تشکیل دی: (الحمد للرحمن، رب الاکوان، ملک الدیان، لک العبادۃ و بک المستعان، اھدنا صراط الایمان) حالانکہ اللہ اسم ذات ہے جو تمام اوصاف کا مجموعہ ہے، لہٰذا احمد کی نسبت اس ذات کی طرف ہوتی ہے جس میں تمام اوصاف موجود ہوں، نہ کہ کسی ایک صفت کی طرف۔ اسی طرح لفظ رب کی اضافت عالمین کی بجائے الاکوان کی طرف درست نہیں، کیونکہ الاکوان، کون کی جمع ہے اور کون وجود و حدوث پر دلالت کرتا ہے۔ وجود و حدوث کی طرف لفظ خلق کی اضافت تو درست ہو سکتی ہے، یعنی خالق الاکوان کہنا تو کسی قدر درست ہو سکتا ہے مگر رب الاکوان کہنا کسی طور پر درست نہیں۔ جب کہ عالمین کی طرف رب کی نسبت میں اتنے اسرار و رموز ہیں جو اس وقت ہمارے دائرہ بیان سے باہر ہیں۔[۲۳]

۲۔ قرآن مجید کا تشریعی اعجاز

رسول کریم (ص) نے یہ قرآن تئیس سال کی مدت میں پیش فرمایا۔ اس دوران آپ ﷺ مختلف کٹھن حالات اور جنگوں سے سے گزرے۔ ان بدلتے ہوئے حالات میں اگر محمد (ص) عربی صرف انسانی اور بشری حیثیت سے یہ قانون دے رہے ہوتے تو یقیناً اس طویل عرصے میں دیے جانے والے قانون کے اجزا اور مختلف شقوں میں اختلاف اور تضاد آ جاتا۔ جبکہ پورے قانون اسلام اور بیان قرآن میں کہیں بھی کوئی تضاد نہ ملے گا اور اس بارے میں بھی قرآن کا چیلنج ہے:

﴿اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَلَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ لَوَجَدُوْا فِیْہِ اخْتِلَافًا کَثِیْرًا﴾ [۲۴]

ترجمہ: کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے؟ اور اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو یہ لوگ اس میں بڑا اختلاف پاتے۔

قرآن نے حضور گرامی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات والا صفات کو بھی چیلنج کے طور پر پیش کیا کہ دیکھو محمد ﷺ خود اپنی قوم میں زندگی بسر کرتے رہے۔ انہوں نے کسی کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ نہیں کیا بلکہ مکہ کے معاشرے میں تو کوئی عالم بھی موجود نہ تھا اور نہ ہی حجاز کبھی علمی مرکز رہا۔ اس کے باوجود آپ ﷺ کا ایک ایسا جامع نظام حیات پیش کرنا جس کی نظیر لانے سے نہ صرف اس زمانے کے لوگ عاجز رہے بلکہ آج تک کوئی ایسا نظام پیش نہ کر سکا اور نہ ہی آپ ﷺ کے لائے ہوئے نظام میں کوئی نقص ثابت کر سکا۔ یہ سب کچھ خود ایک کھلا چیلنج ہے اور اسے قرآن یوں بیان کرتا ہے:

﴿قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰہُ مَا تَلَوْتُہٗ عَلَیْکُمْ وَلَآ اَدْرٰىکُمْ بِہٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِیْکُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِہٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ﴾ [۲۵]

کہہ دیجیے: اگر اللہ چاہتا تو میں یہ قرآن تمہیں پڑھ کر نہ سناتا اور نہ ہی اللہ تمہیں اس سے آگاہ کرتا اس سے پہلے میں تمہارے درمیان ایک عمر گزار چکا ہوں، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟

چنانچہ چالیس سال آپ (ص) نے اس قوم میں زندگی بسر کی اور اس عرصے میں آپ (ص) نے نہ کوئی شعر کہا، نہ خطبہ دیا اور نہ کوئی اور غیر معمولی ہنر دکھایا اور پھر دفعتاً قرآن جیسی عظیم کتاب اور اسلام جیسا جامع نظام حیات پیش کر دیا۔ ایسی مثال، جو اس جہاں میں کوئی بھی پیش نہیں کر سکتا۔

۳۔ قرآن مجید کا سائنسی اعجاز

قران مجید کے اعجاز کا ایک سائنسی اور تجربی پہلو بھی نمایاں ہے۔ سائنس کی آج کی اس ترقی کے دور وہ تمام حقائق سامنے آ رہے ہیں جو آج سے چودہ سو سال پہلے ہی اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بیان کر دیے تھے۔ اس لیے اگر یہ کلام بشر ہوتا تو کیونکر ممکن تھا کہ ایک انسان ان حقائق سے پردہ اٹھاتا جب کہ اس دور میں سائنسی حقائق سے آشنائی کے کوئی وسائل بھی موجود نہیں تھے۔ اور اگر قرآن کے بتائے ہوئے سائنسی حقائق میں حقیقت نہ ہوتی تو قرآن مجید انسان کو فکر و تدبر، تحقیق و

تدقیق اور عقل سے کام لینے کی دعوت کیوں دیتا بلکہ قرآن تو اس عمل کو عبادت قرار دیتا ہے اور اسے ترک کرنے والوں کی مذمت کرتا ہے۔ ارشاد ہوا:

﴿قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ﴾[26]

ترجمہ: کہہ دیجیے: تم زمین میں چل پھر کر دیکھ لو کہ خلقت کی ابتدا کیسے ہوئی۔

آیت کا پہلا حصہ مشاہدہ کی دعوت ہے۔ قرآن اور سائنس دونوں مشاہدے کو معارفِ انسانی کی اساس قرار دیتے ہیں۔ اور دوسرا حصہ (فَانْظُرُوْا) یعنی عقل کا استعمال کرو، اس کا مطلب یہ ہوا کہ مشاہدات و محسوسات کی بنیاد پر عقل کو یہ سمجھنے کا موقع ملے گا کہ (كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ) یعنی اللہ تعالیٰ نے پہلی بار مخلوق کو کیسے پیدا کیا۔

اس آیت سے ایک حیرت انگیز یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ قرآن اس طرز استدلال کو صحیح قرار دیتا ہے جس میں محسوسات اور مشاہدات پر مبنی عقلی استدلال اور نتیجہ گیری ہو۔ صرف مشاہدہ یا صرف عقلی استدلال سے کسی مفہوم تک رسائی ممکن نہیں ہے۔ چنانچہ اسی مفہوم کو ایک اور آیت میں مزید وضاحت سے بیان کیا گیا:

﴿اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَا﴾[27]

ترجمہ: کیا یہ لوگ زمین پر چلتے پھرتے نہیں ہیں کہ ان کے دل سمجھنے والے ہو جاتے؟

اس آیت میں دلوں کے تعقل کو (سِيْرُوْا فِي الْاَرْض) کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے جو کہ نہایت قابل توجہ امر ہے۔

اس کے علاوہ قرآن نے علمی اعتبار سے بھی چیلنج دیا کہ دیکھو اس میں ہر شے کا بیان موجود ہے:

﴿وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ﴾[28]

ترجمہ: اور کوئی خشک و تر ایسا نہیں ہے جو کتاب مبین میں موجود نہ ہو۔

ذیل میں ہم جدید سائنسی انکشافات کا جائزہ قرآن مجید کی روشنی میں لیتے ہیں۔

ا۔ زمین

قران مجید میں بہت ساری ایسی آیات ہیں جن میں زمین کی خلقت، اس کی انتہا اور دیگر خصائص کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ اور اس کو نشانیوں کا خزینہ قرار دیا ہے: ﴿وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ﴾[29] (اور زمین میں اہل یقین کے لیے نشانیاں ہیں)، ماہرین ارضیات (جیالوجسٹ) اپنی سالہاسال کی تحقیقات کی روشنی میں اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ زمین ابتدا میں ایک آتشیں کرہ تھی، اس کے بعد تدریجاً سرد ہونا شروع ہوئی، پھر بارش کا دور شروع ہوا، پھر اس کے بعد سبزہ اگنا شروع ہوا۔ چنانچہ قرآن مجید زمین کے ارتقائی مراحل کو اس طرح بیان کرتا ہے:

﴿ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۭ بَنٰىهَا رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا اَخْرَجَ مِنْهَا مَاۗءَهَا وَمَرْعٰىهَا﴾[30]

ترجمہ: کیا تمہارا خلق کرنا زیادہ مشکل ہے یا اس آسمان کا جسے اس نے بنایا ہے؟ اللہ نے اس کی چھت اونچی کی پھر اسے معتدل بنایا اور اس کی رات کو تاریک اور اس کے دن کو روشن کیا اور اس کے بعد اس نے زمین کو بچھایا، اس نے زمین سے اس کا پانی اور چارہ نکالا۔

اس آیہ مبارکہ سے اس بات کی طرف اشارہ ملتا ہے: پہلا مرحلہ: رات اور دن کا سلسلہ، دوسرا مرحلہ: دحوالارض (زمین کو حرکت دینا)، تیسرا مرحلہ: سبزہ اگایا جانا۔

زمین کے ارتقائی مراحل کو دوسری آیت میں اس طرح بیان فرمایا:

﴿قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَه اَنْدَادًا ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۚ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ سَوَاۗءً لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ﴾[۳۱]

ترجمہ: کہہ دیجیے: کیا تم اس ذات کا انکار کرتے ہو اور اس کے لیے مدمقابل قرار دیتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا؟ وہی تو عالمین کا پروردگار ہے اور اسی نے زمین میں اس کے اوپر پہاڑ بنائے اور اس میں برکات رکھ دیں اور اس میں چار دنوں میں حاجتمندوں کی ضرورت کے برابر سامان خوراک مقرر کیا۔

اس آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ نے درج ذیل چیزوں کو ترتیب وار خلق فرمایا: ۱۔ پہلے زمین کو خلق فرمایا، ۲۔ اس کے بعد اس میں پہاڑ گاڑ دیے۔ ۳۔ اس کے بعد زمین کو قابل سکونت بنایا (بٰرَكَ فِيْهَا)، ۴۔ زمین پر بسنے والوں کے لیے روزی مقرر کی۔

حرکت زمین: اللہ تعالیٰ نے زمین کی تخلیق کے بارے میں بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

﴿وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا﴾ [۳۲] (اس کے بعد اس نے زمین کو بچھایا)

مفسرین نے دحو کا ترجمہ و تفسیر "بچھانا" کیا ہے کیونکہ قدماء کے لیے حرکت ارض ایک ناقابل تصور و توجیہ امر تھا۔ تاج العروس میں دحو کے یہ معنی لکھے ہیں:

"دحا السیل بالبطحاء: دحی و المطر الداحی الذی یدحو الحصی عن وجه الارض بنزعه دحی الرمی بقهر"[۳۳]

یعنی سیلاب نے کنکروں کو دور پھینک دیا۔ اس بارش کو المطر الداحی کہتے ہیں جو کنکروں کو زمین سے اکھاڑ پھینکتی ہے طاقت کے ساتھ دور پھینکنے کو الدحی کہتے ہیں۔

المنجد میں تحریر ہے کہ دحی الحجر بیده کا معنی ہے کہ اس نے اپنے ہاتھ سے پتھر پھینکا۔[۳۴]

یوں لغت کی رو سے مندرجہ بالا آیت کے معنی یہ ہو سکتے ہیں: اس کے بعد اس نے زمین کو حرکت دے دی۔ البتہ الدَّحْوُ بچھانے کے معنی میں بھی آیا ہے۔ لہٰذا یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ آیت حرکت زمین پر صراحتاً دلالت کرتی ہے۔ دوسری جگہ زمین کی حرکت کے بارے میں ایک اور لطیف اشارہ ملتا ہے:

﴿الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا﴾[۳۵] (جس نے تمہارے لیے زمین کو گہوارہ بنایا)

گویا زمین کو گہوارے سے تشبیہ دے کر اس بات کی طرف اشارہ فرمایا گیا کہ زمین انسانوں کے لیے گہوارہ اس لیے ہے کہ اس کی حرکت میں سکون اور گردش میں لذت اور جنبش میں تنوع ہے۔ زمین کی حرکت کو مزید وضاحت کے ساتھ قرآن وسنت میں اس لیے بیان نہیں کیا گیا کہ قرآن ایک ایسے زمانے میں نازل ہو رہا تھا جس میں حرکت زمین کسی اعتبار سے بھی ناقابل فہم بات تھی۔

زمین خلا میں: قرآن مجید جس زمانے میں نازل ہوا، اس وقت زمین کے بارے میں لوگوں کا نظریہ اس حد تک خرافاتی تھا کہ وہ یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ زمین کو ایک گائے اپنے سینگ پر اٹھائے ہوئے ہے یا زمین پشتِ نہنگ پر واقع ہے۔ ایسے ماحول میں عام فکر سے ہٹ کر قرآن نے یہ واضح کیا:

﴿اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا﴾[۳۶]

ترجمہ: اللہ آسمانوں اور زمین کو یقیناً تھامے رکھتا ہے کہ یہ اپنی جگہ چھوڑ نہ جائیں اگر یہ اپنی جگہ چھوڑ جائیں تو اللہ کے بعد انہیں کوئی تھامنے والا نہیں ہے، یقیناً اللہ بڑا بردبار، بخشنے والا ہے۔

اس آیہ مبارکہ میں یُمْسِک کا لفظ آیا ہے جس کے معنی تھامنے کے ہیں۔ اسی سلسلے میں حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ وہ (اللہ) زمین کو وجود میں لایا اور بغیر اس کام میں الجھے ہوئے اسے برابر تھامے رکھا اور بغیر کسی چیز پر ٹکائے ہوئے اس نے اسے برقرار کیا اور بغیر ستونوں کے اسے قائم کیا، کجی اور جھکاؤ سے اسے محفوظ رکھا اور ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرنے اور بکھرنے سے اسے بچائے رکھا۔[۳۷] قرآن ایک اور مقام پر ارشاد فرماتا ہے: ﴿اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا﴾[۳۸] (کیا ہم نے زمین کو زندوں اور مردوں کے لیے کِفَات نہیں بنایا) تاج العروس میں مرقوم ہے کہ کفات سرعت سے پرواز کرنے کو کہتے ہیں۔[۳۹] زمین کی پرواز قدماء کے لیے قابل فہم نہ ہونے کی وجہ سے کِفَات کے معنی انہوں نے "جمع" کے لیے اور آیت کا یہ ترجمہ کیا ہے: کیا ہم نے زمین کو زندوں اور مردوں کو سمیٹنے والی نہیں بنایا۔

کفاتاً مصدر ہے یا مفعول مطلق ہے، فعل محذوف ہے یعنی تکفت کفاتا اور کفاتاً بمعنی اسم فاعل بھی آ سکتا ہے۔ اس صورت میں احیاءً واموا تاً حال بنے گا یا مفعول بہ یعنی زندوں اور مردوں کو لے کر پرواز کرنے والی زمین۔

زمین۔ قدرت کا ریکارڈر: قیامت کے دن زمین کی طرف سے انسانی اعمال کی گواہی اور انسان کا ان اعمال کا مشاہدہ کرنے کے بارے میں قرآن مجید ارشاد فرماتا ہے: ﴿يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا﴾[۴۰] (اس دن وہ) زمین (اپنے حالات بیان کرے گی کیونکہ اس کے رب نے اسے ایسا کرنے کا حکم دیا ہے) قدماء کے لیے خود عمل دکھائے جانے کا تصور ناقابل فہم تھا اس لیے انہوں نے "تجسم اعمال" کے ساتھ اس کی تاویل کی اور کہا: ﴿فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَه وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَه﴾[۴۱] سے مراد ہے کہ عمل کی جزا اور سزا دیکھے گا۔ خود عمل تو دنیا میں ہو چکا، وہ دوبارہ دیکھنے کے قابل نہیں۔ حالانکہ قرآن میں اس آیت سے پہلے صراحتاً کہا گیا ہے: ۔لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ[۴۲] اس

صراحت کی بھی وہ تاویل کرتے تھے کہ اعمال مجسم ہو کر سامنے آئیں گے۔ لیکن آج تاویل کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ اعمال بصورت انرجی باقی رہتے ہیں اور فضائے زمین سے ناپید نہیں ہوتے، بلکہ فضائے زمین انسانی حرکات وسکنات کو اور اقوال وافعال کو اپنے اندر ضبط اور محفوظ کر لیتی ہے۔[۴۳] ارشاد الٰہی ہوتا ہے:

﴿وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا﴾[۴۴]

ترجمہ: اور جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ ان سب کو حاضر پائیں گے اور آپ کا رب تو کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

مفسرین نے یہاں بھی تاویل کی کہ قیامت کے دن انسان کے اعمال مجسم ہو کر سامنے موجود ہوں گے۔ یہ تاویلات اس لیے تھیں کہ علمائے قدیم کے لیے یہ بات ناقابل فہم تھی کہ یہ زمین ایک کتاب کی طرح ہے جس میں خود عمل ثبت ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ جب انسان اس آفاقی کتاب کا بروز قیامت مشاہدہ کرے گا تو کہے گا:

﴿يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا﴾[۴۵]

ترجمہ: ہائے ندامت! یہ کیسا نامہ اعمال ہے؟ اس نے کسی چھوٹی اور بڑی بات کو نہیں چھوڑا) بلکہ (سب کو درج کر لیا ہے۔

انسان اپنے خود عمل کو قیامت کے دن کیسے دیکھ سکے گا؟ یہ بات قرآن مجید میں بڑے واضح پیرائے میں بیان کی گئی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے: ﴿لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ﴾[۴۶] (بے شک تو اس چیز سے غافل تھا، چنانچہ ہم نے تجھ سے تیرا پردہ ہٹا دیا ہے، لہٰذا آج تیری نگاہ بہت تیز ہے)

تجسیم اعمال کی دوسری صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ سائنسی اعتبار سے جیسا کہ مادہ انرجی میں بدل جاتا ہے اور انرجی مادے میں بدل جایا کرتی ہے، لہٰذا انسانی اعمال اگرچہ آج انرجی ہیں، کل بروز قیامت یہ اعمال مادے کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ چنانچہ بعض روایات سے بھی اس بات کا عندیہ ملتا ہے کہ انسانی تسبیح و تمجید جنت میں خشت و خاک کی صورت اختیار کر لے گی۔ جس سے قصور و محلات تعمیر ہوں گے۔[۴۷]

۲۔ استخوان کا نظام

جدید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ ہڈیاں اعصاب پر براہ راست اثر انداز ہوتی ہیں اور تولید نسل میں بھی ہڈیوں کا بڑا دخل ہے۔ ہڈیوں میں غذائی مواد کا ایک ذخیرہ موجود ہوتا ہے جس سے جسم ہنگامی ضرورت پوری کرتا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ خون میں موجود سرخ جثیموں سے انسانی جسم میں خون اپنا فعال کردار ادا کرتا ہے، جس کی وجہ سے ہر منٹ میں ۱۸۰ ملین جثیمے استعمال ہو کر ختم ہو جاتے ہیں۔ ان کی جگہ تازہ دم جثیمے پیدا کرنے کی ذمہ داری ہڈیوں پر عائد ہوتی ہے۔ ہڈیوں سے بہت سے قدیم مسائل کے حل میں مدد لی جاتی ہے۔ سائنسدان مردوں کی ہڈیوں سے ان کی عمریں، مرض، جنس، قد، نژاد، جرم غرض ان کی زندگی اور ماحول وغیرہ کی پوری تاریخ کا مطالعہ کر لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہڈیوں کے بارے میں ارشاد فرماتا ہے:

﴿وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا﴾[48]

ترجمہ: پھر ان ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم انہیں کس طرح اٹھاتے ہیں، پھر ان پر گوشت چڑھا دیتے ہیں۔

۳۔ عناصر کی مقدار

کائنات میں موجود عناصر ایک خاص مقدار میں تشکیل پاتے ہیں۔ عناصر کی اپنی ذاتی تشکیل یا دوسرے عناصر کے ساتھ اتحاد دونوں باتیں ایک معینہ مقدار اور ایک آفاقی محکم قانون کے تحت انجام پاتی ہیں۔ عناصر کی تشکیل میں ایک جامع آفاقی نظام کے انکشاف کے بعد سائنسدانوں نے دیکھا کہ مختلف عناصر کے درمیان کچھ کڑیاں غائب ہیں جو موجود ہونی چاہئیں۔ ان کی تلاش ضروری ہے۔ چنانچہ بعد میں عین اسی تسلسل کے مطابق مزید عناصر کا انکشاف ہوا اور تشکیل عناصر کے آفاقی نظام کے تحت کڑیاں مل گئیں۔ چنانچہ شمسی نظام کے تحت مشتری اور مریخ کے درمیان کڑیاں نہیں ملتی تھیں اور سائنسدانوں نے پیشین گوئی کی تھی کہ ان دونوں سیاروں کے درمیان ایک اور سیارہ ہونا چاہیے اور اسے تلاش کرنا چاہیے۔ چنانچہ بعد میں اس سیارے کا انکشاف ہوا اور یہ کڑی بھی مل گئی۔

قرآن مجید نے اس آفاقی نظام اور کائنات کے حسابی قوانین کی طرف کس جامع اور لطیف انداز میں دو لفظوں میں ارشارہ فرمایا ہے: ﴿وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَه بِمِقْدَارٍ﴾[۴۹] (اور اس کے ہاں ہر چیز کی ایک مقدار ہے)

۴۔ نظریہ اضافت

نیوٹن کی طرف سے کشش ثقل کے انکشاف کے بعد یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ فوق اور تحت مطلق وجود نہیں رکھتے بلکہ یہ دونوں اضافتی مفہوم ہیں کہ ایک جگہ کچھ لوگوں کے لیے تحت ہے اور عیناً وہی جگہ کچھ دوسرے لوگوں کے لیے فوق ہے۔ لیکن ایک اور سائنسدان آئن سٹائن نے نظریہ اضافت قائم کر کے یہ بھی ثابت کر دیا کہ دنیا میں ہر شے اضافتی ہے۔ یہ کائنات یک گونہ نہیں ہے۔ منجملہ زمان بھی مطلق نہیں، بلکہ اضافتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی چیز نور کی رفتار سے زیادہ سرعت سے سفر کرے تو اس کا وقت اور سفر نہ کرنے والی دوسری اشیاء کا وقت مختلف ہو گا۔ بعض سائنسدانوں کی تحقیقات کے مطابق اگر کوئی شخص خلائی جہاز میں نور کی رفتار سے سفر کرے تو جب اس مسافر کو سفر کرتے ہوئے صرف ۲۹ سال گزریں گے تو زمین والوں کے لیے تین ملین یعنی ۳۰ لاکھ سال گزر چکے ہوں گے۔[۵۰]

اس سلسلے میں قرآن مجید کی یہ آیت ہماری توجہ مرکوز کرتی ہے:

﴿يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُه اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ﴾

ترجمہ: وہ آسمان سے زمین تک امور کی تدبیر کرتا ہے، پھر یہ امر ایک ایسے دن میں اللہ کی بارگاہ میں اوپر کی طرف جاتا ہے جس کی مقدار تمہارے شمار کے مطابق ایک ہزار سال ہے۔

اس کا یہ مطلب نہیں کہ واقعاً اس آیت سے مراد نظریۂ اضافت ہی ہو لیکن ایک امکانی صورت موجود ہو سکتی ہے کیونکہ نظریہ اضافت ایک تھیوری سے زیادہ نہیں ہے۔

۴۔ نظام زوجیت

نزول قرآن سے پہلے عام خیال یہ تھا کہ زوجیت کا نظام حیوانات اور نباتات میں ہی قائم ہے۔ لیکن قرآن کریم کے انکشاف کے مطابق زوجیت ایک کائناتی نظام ہے اور ہر شے زوجیت پر قائم ہے۔ حتیٰ کہ کائنات کی سب سے چھوٹی مخلوق (ایٹم) بھی اس قانون سے مستثنیٰ نہیں ہے۔ ارشادِ الٰہی ہے: ﴿وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ﴾[۵۱] (اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے ہیں شاید کہ تم نصیحت حاصل کرو) ایک اور آیت میں اللہ نے نظام زوجیت کو تین مختلف عوالم میں تقسیم فرمایا ہے: ۱۔ عالم نباتات؛ ۲۔ عالم انفس؛ ۳۔ عالم مجہولات۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے:

﴿سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ﴾[۵۲]

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے تمام جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جنہیں یہ جانتے ہی نہیں۔

نظام زوجیت ان چیزوں میں بھی موجود ہے جنہیں انسان جانتے تک نہیں۔ حتیٰ کہ وہ کل کائنات کا جوڑا اینٹی (Anti) کائنات تلاش کیا جارہا ہے۔

۵۔ تسبیح ایک آفاقی فریضہ

اللہ تعالیٰ کی تسبیح کا کام صرف انسان ہی نہیں کرتے بلکہ غیر انسانی مخلوقات بھی کرتی ہیں۔ جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُ﴾[۵۳]

ترجمہ: اور کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی ثنا میں تسبیح نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو۔

مفسرین نے یہاں پر ہر شے کی تسبیح سے مراد یہ لیا ہے کہ ان چیزوں کا وجود ذات باری تعالیٰ کے وجود پر دلالت کرتا ہے یا ان کے وجود میں جو حکمت الٰہیہ مضمر ہے، یعنی ہر چیز بزبان حال بتاتی ہے کہ ان حکمت آمیز اشیاء کا خالق ہر نقص و شرک سے پاک ہے۔ مگر یہ تفسیر درج ذیل وجوہ کی بنا پر قابل قبول نہیں ہے:

۱۔ اس آیت میں فرمایا گیا: لَا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ (تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو) لیکن اگر تسبیح سے مراد یہی تکوینی تسبیح ہے تو اسے تو ہم سمجھ بھی رہے ہیں اور بیان بھی کر رہے ہیں۔

۲۔ دوسری جگہ پر ارشاد ہوا ہے کہ یہ اشیاء اپنی دعا و تسبیح کا علم بھی رکھتی ہیں:

﴿اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ۭ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ﴾[۵۴]

ترجمہ: کیا آپ نہیں دیکھتے کہ جو مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اللہ کی تسبیح کرتی ہیں اور پر پھیلائے ہوئے پرندے بھی؟ ان میں سے ہر ایک کو اپنی نماز اور تسبیح کا علم ہے۔

پس اگر یہ تکوینی تسبیح ہے تو خود اشیاء کو اس کا علم نہیں ہو سکتا۔

۳۔ قرآن کریم نے ان میں سے بعض کی تسبیح کے لیے وقت بھی بتایا ہے کہ پہاڑ صبح و شام تسبیح پڑھتے ہیں۔ ارشاد ہوا:

﴿اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَه يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ﴾[55]

ترجمہ: ہم نے ان کے لیے پہاڑوں کو مسخر کیا تھا، یہ صبح و شام ان کے ساتھ تسبیح کرتے تھے۔

اگر تسبیح سے مراد تکوینی تسبیح ہے تو اس کا کوئی وقت نہیں ہوتا بلکہ یہ تو غیر ارادی طور پر خود بخود ہوتی رہتی ہے۔ لیکن آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑوں کی تسبیح کا وقت بھی مقرر ہے اور معین وقت کی تسبیح کبھی بھی بلا شعور نہیں ہو سکتی ہے۔[56]

چنانچہ جدید سائنسی تحقیقات بھی اس نتیجے پر پہنچی ہیں کہ پودوں میں بھی شعور و ادراک موجود ہے۔ اور پودے بھی انسانوں کی طرح حواس رکھتے ہیں اگرچہ استعمال مختلف ہو سکتا ہے۔[57] چنانچہ یہ امر ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ پودوں میں ڈر، خوشی، سرمستی اور دیگر قسم کے شعور موجود ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ مستقبل قریب میں اس سلسلے میں مزید انکشافات ہوں گے۔ یوں قرآن ہر دور میں اپنا تازہ ترین معجزہ پیش کرتا رہے گا۔

۶۔ فضائے آسمان

قرآن مجید نے فضائے آسمان کی کیفیت اس زمانے میں بتائی جب لوگوں کو ابھی یہ بھی علم نہ تھا کہ اگر انسان اس میں بلند ہو جائے تو کیسے حالات سے دوچار ہو گا۔ لیکن اس صدی کے انسان کو یہ معلوم ہو گیا ہے کہ انسان زمین سے جتنا بلند ہوتا جاتا ہے، ہوا اتنی ہی رقیق سے رقیق تر ہوتی جاتی ہے۔ زیادہ بلندی پر پہنچ جانے کی صورت میں آکسیجن کی کمی کی وجہ سے انسان کے لیے سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس سے مزید بلند ہونے پر انسان تنگی تنفس سے ہلاک ہو سکتا ہے۔ یہ معلومات حاصل ہونے کے بعد درج ذیل آیت میں قرآن کا پیش کردہ مفہوم واضح ہو کر سامنے آجاتا ہے:

﴿فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَه يَشْرَحْ صَدْرَه لِلْاِسْلَامِ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّه يَجْعَلْ صَدْرَه ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ﴾[58]

ترجمہ: پس جسے اللہ ہدایت بخشنا چاہتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ کر دیتا ہے اور جسے گمراہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے اس کے سینے کو ایسا تنگ گھٹا ہوا کر دیتا ہے گویا وہ آسمان کی طرف چڑھ رہا ہو۔

۷۔ آسمانوں کی زندہ مخلوقات

اگرچہ سائنسدانوں کو یہ توقع ہے کہ دیگر سیاروں پر زندگی کے آثار موجود ہو سکتے ہیں لیکن آج تک انسان سوائے ظن و تخمین کے کسی آسمانی زندگی کے بارے میں کچھ نہیں جان سکا مگر قرآن نے پوری وضاحت کے ساتھ بتا دیا ہے کہ آسمانوں میں زندہ مخلوقات موجود ہیں:

﴿وَمِنْ اٰيٰتِه خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ وَهُوَ عَلٰي جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ﴾[59]

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور وہ جاندار جو اس نے ان دونوں میں پھیلا رکھے ہیں اس کی نشانیوں میں سے ہیں اور وہ جب چاہے انہیں جمع کرنے پر خوب قادر ہے۔

اس آیہ شریفہ میں ان مخلوقات کے آئندہ ایک جگہ جمع ہونے کی پیشین گوئی بھی ہے۔ لہٰذا جب انسان آسمانی مخلوق سے آشنائی پیدا کرے گا اور یہ سب ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھیں گے تو اس وقت قرآن مجید ﴿وَ هُوَ عَلٰي جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ﴾ کے الفاظ میں تازہ ترین معجزہ پیش کر رہا ہوگا۔

۸۔ کائنات کی وسعت

یہ کائنات متناہی ہے یا لامتناہی۔ یہ ایک الگ بحث ہے، لیکن اب تک انسان نے اس کائنات کی وسعت کے بارے میں جو علم حاصل کیا ہے، وہ اگرچہ حقیقت کائنات کے مقابل تو ہیچ ہے، لیکن پھر بھی اس سے کائنات کا ایک عظیم نقشہ ذہن میں ابھرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس وسیع کائنات میں ابھی کئی کہکشائیں ایسی بھی ہیں جن کی روشنی ہم تک نہیں پہنچی۔ یعنی کھربوں سال سے ان کی روشنی مسافت طے کر رہی ہے مگر ابھی تک وہ زمین پر نہیں پہنچ سکی۔[۶۰]

علم فلکیات کا یہ نظریہ اب ماہرین کے ہاں مسلمہ قرار پا چکا ہے کہ یہ کائنات مسلسل پھیل رہی ہے۔ اور کہکشائیں ہم سے دور ہٹ رہی ہیں۔ ۱۹۱۷ء میں جب آئن سٹائن نے اضافت عمومی کی مساوات کا نظریہ پیش کیا تھا تو اس نے ثابت کیا تھا کہ یہ کائنات یا تو سکڑ رہی ہے یا پھیل رہی ہے۔ جب کہ اس سے پہلے کے ماہرین کائنات کو ثابت اور غیر متحرک سمجھتے تھے۔ اس وقت نظریے کو اپنے نظریہ اضافت عمومی کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لیے آئن سٹائن نے مجبوراً "مستقل کائنات" کا نظریہ قائم کیا جو خود اس کے اپنے نظریے سے متصادم تھا۔ چنانچہ بعد میں اس نے خود اعتراف بھی کیا کہ میری زندگی میں یہ سب سے بڑی سائنسی غلطی کا ارتکاب تھا۔[۶۱]

بعد میں یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو گئی کہ کائنات بڑی تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہے اور کہکشائیں دور ہٹ رہی ہیں اور مزید یہ انکشاف بھی ہوا کہ کسی کہکشاں کے دور ہٹنے کی رفتار اس فاصلے سے متناسب ہے جو ہمارے اور اس کہکشاں کے درمیان ہے۔

خالق کائنات نے اس کا پہلے ہی یوں اعلان کر رکھا ہے:

﴿وَ السَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ﴾[۶۲]

ترجمہ: اور آسمان کو ہم نے اپنی طاقت سے بنایا اور ہم ہی وسعت دینے والے ہیں۔

علامہ اقبالؒ نے اس کو یوں بیان کیا:

یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید — کہ آ رہی ہے دمادم صدائے کُن فَیَکُون[۶۳]

۹۔ مخمور آنکھیں

آسمان کی خلاؤں میں روشنی مختلف رنگوں میں یوں رقص کیا کرتی ہے کہ دیکھنے والا یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کی آنکھیں کسی جادو کا شکار ہو گئی ہیں۔ سائنس فکشن میں معروف آرتھر کلارک نے اپنی کتاب "انسان اور خلا" میں اس موضوع

کو بیان کرنے کے لیے ایک باب مخصوص کیا ہے جس میں اس نے خلانوردوں کے بیانات تحریر کیے ہیں کہ جب وہ خلائے بسیط میں پہنچے تو انہوں نے وہ عجب رنگا رنگ، چمک دمک اور اس سے ایک ہم آہنگی دیکھی جو اس سے پہلے کبھی نہ دیکھی تھی اور انہیں محسوس ہوا کہ گویا ان پر نشہ طاری ہو گیا ہے یا ان کے آنکھوں کو جادو کر دیا گیا ہے۔ [۶۴]

اس حوالے سے قرآن مجید میں ملتا ہے:

﴿وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ﴾ [۶۵]

ترجمہ: اور اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیں اور وہ روز روشن میں اس پر چڑھتے چلے جائیں تو یہی کہیں گے: ہماری آنکھوں کو یقیناً مدہوش کیا گیا ہے بلکہ ہم پر جادو کیا گیا ہے۔

اگر غور کیا جائے تو خلا میں سب سے پہلے خلانورد کے الفاظ وہی تھے جو قرآن نے فرمائے ہیں۔ مزید تحقیق قرآن کے اس بیان سے مزید پردے اٹھا سکتی ہے۔

۱۰۔ نطفہ امشاج

صلبِ پدر سے رحمِ مادر کی طرف مادہ منویہ کا سفر خدا شناسی اور خود شناسی کے لیے حیرت انگیز درس ہے۔ یہ نطفہ کروڑوں جرثوموں پر مشتمل ہوتا ہے۔ دوسری طرف تخم عورت کے رحم کے آخری سرے پر ایک نلی میں موجود ہوتا ہے۔ جرثومے اور تخم کا ملاپ اسی نلی میں ہوتا ہے۔ جرثوموں کی ایک معتدبہ تعداد تخم میں داخل ہونے کی کوشش کرتی ہے۔ جب ایک جرثومہ اپنی نوک سر کے ذریعے تخم میں داخل ہونے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو اسی وقت دیگر تمام ناکام جرثوموں کو باہر دھکیل دیا جاتا ہے۔ واضح رہے انسان کے جسم میں موجود جسمانی خلیے کا مرکزہ ۴۶ کروموسومز (Chromosomes) پر مشتمل ہوتا ہے جو ایک مستقل سیل (Cell) ہے، لیکن جنسی خلیے کے مرکزہ میں ۲۳ کروموسومز (Chromosomes) ہوتے ہیں جو جسمانی خلیے کا نصف ہیں۔ چنانچہ انسانی تخلیق کے لیے ایک مستقل سیل (نطفہ) تشکیل دینے کے لیے مرد و زن میں سے ہر ایک ۲۳ کروموسومز فراہم کرتے ہیں، جس سے ایک مستقل سیل، قرآنی اصطلاح کے مطابق نطفہ امشاج (مخلوط نطفہ) وجود میں آتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہوتا ہے:

﴿اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا﴾ [۶۶]

ترجمہ: ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا کہ اسے آزمائیں، پس ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا بنایا۔

'امشاج' جمع ہے اور اس کا مفرد 'مشج' ہے۔ 'نطفہ امشاج' میں نطفہ موصوف اور امشاج صفت ہے۔ امشاج جمع ہونے کی صورت میں نطفہ کو بھی جمع ماننا پڑے گا کیونکہ عربی گرائمر کے تحت مفرد کی صفت مفرد اور جمع کی صفت جمع ہی آتی ہے۔ نطفہ اس حالت کو کہتے ہیں جس میں ۲۳ پدرانہ اور ۲۳ مادرانہ کروموسومز کا ملاپ اور اختلاط ہو۔ لہٰذا جدید ترین نظریہ اس آیت کے ساتھ صحیح مطابقت رکھتا ہے۔

مضغۂ غیر مخلقۃ: ارشاد ربانی ہے:

﴿یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَیْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَیِّنَ لَكُمْ وَنُقِرُّ فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی﴾[۶۷]

ترجمہ: اے لوگوں! اگر تمہیں موت کے بعد کی زندگی کے بارے میں شبہ ہے تو (سوچو) ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر خون کے لوتھڑے سے، پھر گوشت کی تخلیق شدہ اور غیر تخلیق شدہ بوٹی سے تاکہ ہم (اس حقیقت کو) تم پر واضح کریں اور ہم جس کو چاہتے ہیں ایک مقررہ وقت تک رحموں میں ٹھہرائے رکھتے ہیں۔

دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے:

﴿فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ﴾[۶۸]

ترجمہ: پھر ہم نے لوتھڑے کو بوٹی کی شکل دی۔ پھر ہم نے بوٹی سے ہڈیاں بنادیں، پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھایا، پھر ہم نے اسے ایک دوسری مخلوق بنادیا۔ پس بابرکت ہے وہ اللہ جو سب سے بہترین خالق ہے۔

مندرجہ بالا آیات کے مطابق انسان کے مراحل تخلیق یہ ہیں:

۱۔ تراب (مِّنْ تُرَابٍ)
۲۔ نطفہ امشاج (مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ)
۳۔ لوتھڑا (مِنْ عَلَقَةٍ)
۴۔ بوٹی (مِنْ مُّضْغَةٍ)
۵۔ ہڈی (فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا)
۶۔ گوشت (فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا)
۷۔ خلق آخر (ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ)

مضغۂ مخلقۃ: مفسرین، مترجمین نے مُّخَلَّقَةٍ کا ترجمہ پوری اور غَیْرِ مُخَلَّقَةٍ کا ترجمہ ادھوری کیا ہے جو بظاہر درست معلوم نہیں ہوتا، کیونکہ مُّخَلَّقَةٍ اور غَیْرِ مُّخَلَّقَةٍ اس مُّضْغَةٍ کی صفت ہے جس سے انسان خلق ہو رہا ہے۔ ادھوری سے تو خلق نہیں ہوا کرتا۔ چنانچہ جدید نظریات سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ مُضْغَة کی دو ذمہ داریاں ہیں۔ ایک تو بچے کی تخلیق اور دوسرے اس کی حفاظت۔ مضغہ مخلقۃ کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ بچے کے اعضاء بنائے، جب کہ مضغہ غیر مخلقۃ کا کام یہ ہے کہ وہ اسے اپنے حفظ وامان میں رکھے اور اس کے لیے غذا کا انتظام کرے۔ چنانچہ ظلماتِ ثلاث میں بند اس نازک مخلوق کے لیے شش جہت سے غذا بہم پہنچائی جاتی ہے۔

مُضْغَة کے وسط میں ایک خاص شے ہوتی ہے جس نے آئندہ دماغ اور حرام مغز بننا ہوتا ہے اور اس کے پہلو میں چند قطعے ہوتے ہیں جن سے ریڑھ کی ہڈی تشکیل پاتی ہے۔ پھر پورے جسم کی ہڈیاں بنتی ہیں پھر ان پر گوشت کا لبادہ چڑھایا جاتا ہے۔ فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْـمًا پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا۔

نتائج بحث

مذکورہ بالا ابحاث سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں:

۱۔ قرآن مجید ایک ابدی معجزہ ہے اس کا تعلق محض کسی خاص زمان یا مکان تک نہیں ہے بلکہ رہتی دنیا تک یہ قابل ہدایت ہے۔

۲۔ قرآن مجید کی حقانیت و صداقت اس سے بھی ثابت ہے کہ یہ ہر دور کے اہل فکر کو غور اور تدبر کی طرف راغب کرتا ہے۔

۳۔ قرآن مجید کی حقانیت و صداقت اس سے بھی ثابت ہے کہ جس دور میں یہ نازل ہوا تب ایسے آلات اور ٹیکنالوجی موجود نہیں تھی جو آج کے انسان کو دستیاب ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اس وقت بھی ان حقائق کو واضح کیا جنہیں آج کا سائنسدان منکشف کر رہا ہے۔

۴۔ سائنس کا کوئی بھی نظریہ حتمی نہیں ہوتا بلکہ آنے والے کسی تجربے سے وہ ختم ہو سکتا ہے لیکن قرآن کا اس حوالے سے نکتہ نظر حتمی ہوتا ہے۔

۵۔ سائنس کی مزید ترقی اور کائنات کے پوشیدہ رازوں تک رسائی قرآن مجید کی شرح و تفسیر میں مزید اضافہ کرتی جائے گی۔ اور اہل عقل و شعور کے لیے باعث ہدایت ہو گا۔

سفارشات

اس موضوع کے حوالے سے درج ذیل سفارشات قابلِ غور ہیں:

۱۔ قرآن کریم کی ہدایت کا محور محض فرد نہیں ہے بلکہ مجموعی طور پر انسانیت کی فلاح مقصود ہے۔ اس لیے قرآن مجید کی جامعیت کو واضح کرنے کی ضرورت ہے۔

۲۔ سائنس کی مادی ترقی سے مرعوب نوجوانوں کو قرآن کا اس مطالعہ کروایا جائے کہ ان پر قرآن میں بیان کردہ سائنسی حقائق واضح ہو جائیں۔

۳۔ تعلیمی اداروں میں قرآن اور سائنس کے عنوان سے نصاب کو پڑھایا جائے۔

۴۔ ملکی سطح پر قرآن فہمی کے لیے جامع انتظامات کیے جائیں، سیمینارز اور کانفرنسز کے ذریعہ بھی قرآن مجید کے اس پہلو کو اجاگر کیا جائے۔

۵۔ قرآن مجید کی تفسیر موضوعی پر توجہ کی جائے تاکہ نوجوان نسل قرآنی مطالب کو سمجھنے میں آسانی محسوس کرے۔

حواشی و حوالہ جات

[1] لسان العرب، محمد بن مکرم ابن منظور، دار صادر، بیروت، لبنان، طبع اول، ۳۶۹/۵

[2] معجم الوسیط، تالیف مجمع اللغۃ العربیۃ، دار العربی، دمشق، طبع اول، ۵۸۵/۲

[3] سورۃ سبا: ۵/۳۴

[4] لسان العرب، ۳۶۹/۵

[5] الاتقان فی علوم القرآن، جلال الدین سیوطی، دار التراث العربی، بیروت، طبع اول، ۳۶۸/۱

[6] مناھل العرفان، محمد عبد العظیم زرقانی، دار الفکر، بیروت، ۱۹۹۶ء، طبع اول، ۶۶/۱

[7] الشفاء، قاضی عیاض، دار الفکر، بیروت، لبنان، طبع اول، ۳۴۹/۱

[8] لباب التاویل فی معانی التنزیل، علی بن محمد الخازن، دار صادر، بیروت، ۴/۳۷

[9] البیان فی تفسیر القرآن، سید ابو القاسم خوئی، منشورات انوار الھدیٰ، تہران، طبع اول، ص: ۱۷/۱

[10] سورۃ لقمان: ۲۰/۳۱

[11] سورۃ الانعام: ۱۰۹/۶

[12] فتح الباری شرح صحیح البخاری، احمد بن علی بن حجر العسقلانی، دار المعرفۃ، بیروت، ۵۸۱/۶، ۵۸۲

[13] سورۃ الاعراف: ۱۰۴/۷

[14] ایضاً، ۱۰۶/۷

[15] سورۃ البقرۃ: ۲۵۶/۲

[16] سورۃ الغاشیۃ: ۲۲/۸۸

[17] سورۃ الطور: ۳۴/۵۲

[18] سورۃ ھود: ۱۳/۱۱

[19] سورۃ یونس: ۳۸/۱۰

[20] ملاحظہ ہو: سورۃ الاسراء: ۸۸/۱۷

[21] مباحث فی عجاز القرآن، مصطفی مسلم، دار المسلم، ریاض، ۱۴۱۶ھ، طبع اول، ص: ۱۲۵

[22] ایضاً

[23] البیان فی تفسیر القرآن، ص: ۹۵/۱

[24] سورۃ النساء: ۸۲/۴

[25]سورۃ یونس: ۱۰/۱۶

[26]سورۃ عنکبوت: ۲۹/۲۰

[27]سورۃ حج: ۲۲/۴۶

[28]سورۃ الانعام: ۶/۵۹

[29]سورۃ الذاریات: ۵۱/۲۰

[30]سورۃ النازعات: ۷۸/۲۷تا۳۱

[31]سورۃ حم سجدہ: ۴۱/۹۔۱۰

[32]سورۃ النازعات: ۷۹/۳۰

[33] تاج العروس، ۱/۸۳۸۰

[34]المنجد، ص: ۲۳۴

[35]سورۃ طہ: ۲۰/۵۳

[36]سورۃ فاطر: ۳۵/۴۱

[37]نہج البلاغہ، خطبہ نمبر ۱۸۴ ص: ۴۹۷

[38]سورۃ المرسلات: ۷۷/۲۵۔۲۶

[39]تاج العروس، مرتضی زبیدی، دار التراث العربی، بیروت، ۱/۱۱۵۹

[40]سورۃ زلزلۃ: ۹۹/۴۔۵

[41]سورۃ زلزلہ: ۹۹/۷۔۸

[42]سورۃ زلزلہ: ۹۹/۶

[43]بلاغ القرآن، محسن علی، دار القرآن، اسلام آباد، ۱۴۳۶ھ، ص: ۹۰۸

[44]سورۃ کہف: ۱۸/۴۹

[45]سورۃ کہف: ۱۸/۴۹

[46]سورۃ ق: ۵۰/۲۲

[47]بلاغ القرآن، ص: ۹۰۹

[48]سورۃ البقرۃ: ۲/۲۵۹

[49]سورۃ رعد: ۱۳/۸

[50]See: Relativity For Million, Martin Gardener, NY: Macmillon, 1962, 1st Edition, p.89

[51]سورۃ الذاریات: ۴۹/۵۱

[52]سورۃ یاسین: ۳۶/۳۶

[53]سورۃ الاسراء: ۴۴/۱۷

[54]سورۃ النور: ۴۱/۲۴

[55]سورۃ ص: ۱۸/۳۸

[56]بلاغ القرآن، ص: ۹۱۲

[57] https://thequietbranches.com/2015/01/26/plant-senses/, Retrieved on 10-12-19

[58]سورۃ الانعام: ۱۲۵/۶

[59]سورۃ الشوریٰ: ۲۹/۴۲

[60] https://www.bbc.com/urdu/science/story/2004/05/040529_universe_size_am.shtml, Retrieved on 11-12-19

[61] Scientific Theories, W. A Maxwell, NY: 2003, P.128

[62]سورۃ الذاریات: ۴۷

[63]کلیات اقبال (بال جبریل)، علامہ محمد اقبال، الفیصل ناشران، لاہور، ص: ۳۸۸

[64] Man and Space, Arthur C Clark, New York: 1964, P. 187

[65]سورۃ الحجر: ۱۴/۱۵۔۱۵

[66]سورۃ انسان: ۲/۷۶

[67]سورۃ حج: ۵/۲۲

[68]سورۃ المؤمنون: ۱۴/۲۳

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
ISSN (Online): 2664-0171
https://mei.aiou.edu.pk

امت مسلمہ کی دعوتی ذمہ داریاں تفسیر ضیاء القرآن کی روشنی میں

Invitational responsibilities of the Muslim Ummah in the light of Tafsir Zia-ul-Quran

نور حسین
پی ایچ۔ڈی ریسرچ سکالر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

Abstract

The propagation of Islam depends on preaching and preaching only-Therefore, Allah Almighty Himself taught Holy Prophet (SAW) the etiquette of Islamic Da'wah.After the demise of the Messenger of Allah the responsibility of da'wah and preaching is now the responsibility of the Muslim Ummah till the Day of Judgment.Per Muhammad Karam Shah Al-Azhari has a prominent position as a renowned and serious scholar. They are respected in all School of thoughts.Pir Karam Shah Al-Azhari dedicated his life to Da'wah of Islam.Like a true da'i, he have adopted all the methods that are the obligatory syllabus of the da'i of Islam.His Tafsir Zia-ul-Quran has a special place in terms of its characteristics.Among other features of Tafsir Zia-ul-Quran, the most important feature is the da'wah discussions and articles-If the Muslim Ummah keep in mind the writing style of Tafsir Zia-ul-Quran, then surely they can do the work of Da'wah more effectively.

In the following article, Invitational responsibilities of the Muslim Ummah in the light of Tafsir Zia-ul-Quran will be highlighted.

Keywords: Invitational responsibilities,Muslim Ummah, Tafsir Zia-ul-Quran

نسل انسانی کو راہ حق پر گامزن رکھنے اور ہر طرح کی گمراہیوں سے محفوظ رکھنے کیلئے دعوتِ دین ہی مؤثر ذریعہ ہے، انبیاء کرام اور رسل عظام کی بعثت کا مقصد وحید لوگوں کو راہ ہدایت پر گامزن کرنا تھا جب انسانی شعور نقطہ ارتقاء کو پہنچ گیا تو اللہ تعالی نے حضرت محمد ﷺ کو خاتم المرسلین کی حیثیت سے مبعوث فرمایا، آپ ﷺ کا زمانہ رسالت قیامت تک ہے اور آپ کا دائرہ رسالت تمام انسانیت کو محیط ہے آپ کا دین مکمل ہو گیا ہے، یہ دین تمام انسانیت اور رہتی دنیا کے لیے ہے آپ ﷺ چونکہ آخری نبی ہیں اس وجہ سے آپ پر نبوت ورسالت کا سلسلہ منقطع ہو گیا ہے لہذا امت محمدیہ کار نبوت کی امین ہے، دین اسلام کی ترویج واشاعت کرنے مختلف اسالیب سے اسے آگے بڑھانے اور ہر سطح پر اسے غالب کر دینے کا نام دعوت اسلام ہے۔

موضوع کا تعارف

قرآن مجید میں انسانیت کی دنیاوی اور اخروی فلاح ونجات کے متعلق تعلیمات بیان ہوئی ہیں۔ قرآن حکیم میں انفرادی واجتماعی سطح پر دعوتِ دینے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی ذمہ داریاں ادا کرنے کے بارے میں واضح تعلیمات موجود ہیں، اسی

طرح انبیاء کرام علیہم السلام کی دعوتی واصلاحی خدمات بھی بیان ہوئی ہیں۔ رسول اکرم ﷺ آخری نبی کی حیثیت سے مبعوث ہوئے آپ کا دائرہ رسالت تمام انسانیت تک پھیلا ہوا ہے اور تا قیامت آپ کا دورِ رسالت ہے، اللہ تعالیٰ نے آپ پر دین مکمل کر دیا، آپ ﷺ نے انفرادی، اجتماعی اور عالمی سطح پر اسلام کو غالب فرمایا۔ قرآنِ مجید آپ ﷺ کے دین کی اساس وبنیاد کی حیثیت رکھتا ہے۔ لہذا اس کی تعلیمات سے آگاہ ہونے کے لیے دعوت کا عمل ضروری ہے تفسیر ضیاء القرآن میں امت کو دعوت کی اہمیت کا احساس دلایا گیا ہے۔ اس لیے اس تفسیر کی روشنی میں امت کی دعوتی ذمہ داریوں کو موضوعِ بحث بنایا گیا ہے۔

موضوع کی ضرورت

ا۔ ہر دور میں ضرورت

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ آخری الہامی کتابِ ہدایت ہے، یہ کتاب حکمت بھی ہے، اس کی تعلیمات انسانیت کی راہنمائی، ہدایت اور فلاح واصلاح پر مشتمل ہیں، جن کو اپنا کر ہی انسانیت کی نجات ممکن ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا احسانِ عظیم ہے کہ اس نے ہماری ہدایت کے لیے حضور ﷺ کو قرآن مجید کے ساتھ مبعوث فرمایا جو تا قیامت راہِ حق کی راہنمائی کرتا رہے گا، اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ہدایت جو کہ قرآن مجید اور سنت رسول ﷺ کی صورت میں ایمان والوں کے پاس محفوظ ہے اس کی تفہیم کے لئے ایک جماعت مفسرین قرآن کے نام سے تاریخ اسلام میں موجود رہی ہے، جس نے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کرتے ہوئے مسلمانوں کو قرآن مجید کے صحیح اور حقیقی فہم سے روشناس کرایا اور آج بھی یہ سلسلہ پوری آب وتاب کے ساتھ جاری ہے۔ قرآن حکیم کا ایک اہم موضوع اسلوب دعوت ہے۔ یہ کتاب لوگوں کو راہ ہدایت کی طرف دعوت دیتی ہے اس لئے اس کا دعوتی پہلو انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور اساسی درجہ رکھتا ہے امت دعوت وارشاد کے ذریعے ہی اس دین کا فہم حاصل کر سکتی ہے۔

۲۔ موضوع کی عصرِ حاضر میں ضرورت

اس وقت عالم کفر ہر محاذ پر اسلام کے خلاف بر سر پیکار ہے، اسلام چونکہ اللہ تعالیٰ کا دین ہے اس لیے اس کے اصول پر کشش ہیں اگر اس دین کا صحیح تشخص واضح کر دیا جائے تو لوگ بڑی تیزی کے ساتھ اسے قبول کر لیں گے اور یہ دین پوری دنیا میں غالب آجائے گا اس لیے اسلام دشمن قوتیں مختلف حربوں سے اسلام کے خلاف پروپیگنڈا میں مصروف ہیں اور بالخصوص سوشل میڈیا کے ذریعے اسلام کے خلاف زہریلا پروپیگنڈا کیا جاتا ہے، کبھی ذات رسالت مآب ﷺ کی شان اقدس میں تنقیص کی جاتی ہے تو کبھی قرآن مجید کی توہین کی ناپاک جسارت، ایسی تمام مساعی مذمومہ کا مقصد لوگوں کو دینِ اسلام سے دور کرنا ہے لہذا ان حالات میں امت پر یہ ذمہ داری بڑھ جاتی ہے کہ دعوت کے فرضِ منصبی کو کما حقہ انجام دے۔ عصر حاضر میں تفسیر ضیاء القرآن ایک جامع تفسیر ہے جس کے مصنف جسٹس پری محمد کرم شاہ الازہریؒ نے قرآن مجید کی تعلیمات کو نہایت عمدہ، جامع اور سلیس انداز میں بیان فرمایا ہے۔ تفسیر میں آپ نے دعوت واصلاح سے متعلق قرآن مجید کی آیات بینات کی

نہایت جامع تفسیر فرمائی ہے۔ دعوت و تبلیغ انتہائی اہم ذمہ داری ہے اور سنتِ انبیاء ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ ان میں ایک جماعت ایسی ضرور ہونی چاہیے جو اس ذمہ داری کو انجام دیتی رہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ[1]

"ضرور ہونی چاہیئے تم میں ایک جماعت جو بلایا کرے نیکی کی طرف اور حکم دیا کرے بھلائی کا اور روکا کرے بدی سے اور یہی لوگ کامیاب و کامران ہیں"

پیر محمد کرم شاہ الازہری نے اپنی شہرہ آفاق تفسیر ضیاء القرآن میں متعدد مقامات پر دعوتِ دین کی فی زمانہ اہمیت کو نہایت جامعیت کے ساتھ زینتِ قرطاس کیا ہے، یہاں ایک اقتباس اسی حوالہ سے قلمبند کیا جارہا ہے جس کے مطالعہ سے واضح ہو جائے گا کہ دعوتِ دین کس قدر اہمیت کا حامل کارِ عظیم ہے۔

"یہ دین قیم جس نے عالم بشریت کی تقدیر بدل دی اس کی تبلیغ و اشاعت ایک اہم ترین فریضہ ہے۔ اگر اس ملت میں ایسے افراد نہ ہوں جو اس پیغام رحمت کو دنیا کے گوشہ گوشہ تک پہچانے کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیں تو یہ عالمگیر پیغام ہدایت چند ملکوں میں محدود ہو کر رہ جائے گا اور یہ اس پیغام سے بھی ناانصافی ہو گی اور ان قوموں پر بھی ظلم ہو گا جو گھب اندھیروں میں بھٹک رہی ہیں جن کی زندگی کی تاریک رات کسی روشن چراغ کے لیے ترس رہی ہے۔ نیز وہ قوم اور ملک جس نے اس دین کو قبول کر لیا ہے اس کے آئینہ دل پر بھی غفلت کی گرد پڑ سکتی ہے اور ان کی گرمی عمل بھی سستی کا شکار ہو سکتی ہے۔ ارد گرد کے گمراہ کن تاثرات سے بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ اگر ایسی ہستیاں نہ ہوں جن کا کام ہی اسلام کے حکیمانہ انداز سے لوگوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنا انکی گرمی عمل کو باقی رکھنا اور خارجی و اجنبی تاثرات و تحریکات سے ان کے دل و دماغ کو محفوظ رکھنا ہو تو بہت سی گمرہیاں خود اس قوم میں راہ پا سکتی ہیں جو اس دین کی علمبردار ہے۔ یہ دونوں کام یعنی ملت اسلامی کو شاہراہ اسلام پر ثابت قدم رکھنا اور غیر مسلم اقوام تک یہ پیغام رشد و ہدایت پہنچانا جتنے اہم اور ضروری ہیں اتنے ہی مشکل اور پیچیدہ ہیں۔ اس لیے ایک ایسی جماعت تیار کرنا ملت کا اجتماعی ذمہ داری ہے جس کا علم و عمل، ظاہر و باطن سیرت و کردار رسول اسلام ﷺ کا مظہر کامل ہو، ان میں علوم اسلامیہ مہارت تامہ کے ساتھ سیرت کی پاکیزگی کردار کی پختگی اور ظاہر و باطن کی یکسانی پیدا کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ اسے کے لیے جس بڑی سے بڑی قربانی، ایمانی فراست، قلبی بصیرت اور روحانی تربیت کی ضرورت ہے وہ پوری ہونی چاہیے۔ اگر ملت اسلامیہ اس ذمہ داری کو ادا نہ کرے گی تو وہ اللہ کی جناب میں اپنی اس کوتاہی کے لیے جوابدہ ہو گی۔ تاریخ شاہد ہے جب تک ایسے افراد تیار ہوتے رہے گلش اسلام میں فصل بہار رہی"[2]

دعوت کا مفہوم

انسان کی زندگی کا مقصد اللہ تعالی کی بندگی ہے اور بندگی صرف چند عبادات کے مجموعے کا نام نہیں بلکہ زندگی کے ہر میدان میں اللہ تعالی کے احکام کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالنے کا نام ہے۔اللہ تعالی کے احکام اس کے بندوں تک انبیاء کرام اور رسل عظام کے ذریعے پہنچے،اللہ تعالی نے اپنے احکام بندوں تک پہنچانے کے لئے انبیاءورسل کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع فرما کر حضرت محمد ﷺ پر مکمل فرمایا۔ حضرت محمد ﷺ کی بعثت سے قبل انبیاء رسل خاص قوموں کی طرف مبعوث ہوتے تھے لیکن آپ ﷺ کو تمام انسانیت کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا۔

ارشاد باری تعالی ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا [3]

"اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر تمام انسانون کی طرف بشیر ونذیر بنا کر"

آپ ﷺ پر رسالت و نبوت کا سلسلہ ختم کر دیا گیا،اب قیامت تک آپ ﷺ کا زمانہ نبوت ورسالت ہے اس لئے آپ ﷺ کی امت پر یہ ذمہ داری عائد کی گئی کہ وہ عمل دعوت کو انجام دے،یعنی لوگوں کو دینِ اسلام کی روشن تعلیمات سے روشناس کرائے۔

دعوت کا لغوی مفہوم

"الدعوۃ" دعا یدعو کا مصدر ہے،دعوت کے لغوی معنٰی پکارنے، مدد طلب کرنے اور دعا کرنے کے ہیں۔

علامہ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں:

الدعاء الی الشئ الحث علی قصدہ [4]

"کسی چیز کے حصول پر برانگیختہ اور مائل کرنا دعوت یا دعا کہلاتا ہے"

دعوت کا اصطلاحی مفہوم

اہل علم نے دعوت کے متعدد اصطلاحی مفاہیم بیان کئے ہیں۔اس مقام پر ان کی تحقیق پیش کی جاتی ہے۔

علامہ ابن تیمیہ دعوت کی اصطلاحی تعریف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں

"الدعوۃ الی اللہ ھی الدعوۃ الی الایمان و بما جا ءت بہ رسلہ" [5]

"اللہ کی طرف دعوت ایمان کی طرف دعوت ہے اور جو شریعت اللہ کے رسول اپنے ساتھ لائے،اس کی طرف دعوت ہے"

ڈاکٹر محمد ابوالفتح دعوت کا اصطلاحی مفہوم اس طرح بیان کرتے ہیں

الدعوۃ الی الاسلام طلب الناس و سوقھم الیہ وحثھم علی الاخذبہ [6]

"اسلام کی طرف دعوت دینے کا مطلب ہے لوگوں کو اسلام کی طرف بلایا جائے اور اسلام پر عمل کرنے کے لئے انہیں ابھارا جائے"

شیخ علی محفوظ دعوت کی اصطلاحی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں

"حث الناس على الخير والهدى والا مربا المعروف والنهى عن المنكر ليفوزوا بسعادة العاجل والاجل"[7]

"دعوت سے مراد یہ ہے کہ لوگوں کو بھلائی اور ہدایت کی طرف رغبت دلائی جائے اور نیکی کا حکم دیا جائے اور برائی سے روکا جائے تاکہ وہ دنیا وآخرت کی کامیابی حاصل کر سکیں"

ہماری دانست میں دعوت کا اصطلاحی مفہوم یہ ہے

غیر مسلموں کو اسلام کی طرف راغب کرنا اور انہیں اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی دعوت دینا مسلمانوں کو اسلامی تعلیمات سے روشناس کرانا اور انہیں زندگی کے ہر شعبہ سے متعلق اسلام کے احکامات سے آگاہ کرنا نیکی کی ترغیب دلانا اور برائی سے روکنا دعوت کہلاتا ہے۔

دعوت کی ضرورت واہمیت تفسیر ضیاء القرآن کی روشنی میں

امت محمدیہ کو دعوت دین کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہے، حضور ﷺ کا دور نبوت قیامت تک ہے لہذا قیامت تک حضور ﷺ کی امت پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ لہذا آپ ﷺ کی امت پر یہ ذمہ داری عائد کی گئی کہ اس فریضہ کا انجام دیا جائے، قرآن مجید فرقان حمید میں جو آیات مقدسہ ہمیں دعوت دین کی اہمیت کا احساس دلاتی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ دعوت کی تین سطحیں ہیں، انفرادی سطح، اجتمائی سطح اور حکومتی سطح، لہٰذا اہمیت دعوت تین مباحث پر تقسیم کیا گیا ہے۔

انفرادی سطح پر دعوت کی ضرورت واہمیت

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ[8]

"نیز مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں حکم کرتے ہیں نیکی کا اور روکتے ہیں بُرائی سے اور صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوۃ اور اطاعت کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کی"

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"اس آیت میں اسی حقیقی فرق اور عظیم انقلاب کی کیفیت بیان کی جارہی ہے جو لا الٰہ الا اللہ کہنے سے انسان میں رونما ہوتا ہے، فرمایا جو خوش نصیب مرد اور عورتیں میرے حبیب ﷺ کی دعوت قبول کرتی ہیں، ان میں ایک ایسا انقلاب رونما ہوتا ہے جو ان کے ظاہر و باطن کو بدل کے رکھ دیتا ہے، وہ نیکی کے فروغ کے لئے اپنے سارے وسائل وقف کر دیتے ہیں، اپنی راحت وآرام کو قربان کر دیتے ہیں اور ضرورت پڑے تو نیکی کا پرچم بلند رکھنے کے لئے وہ اپنی جان بھی خوشی، خوشی نثار

کر دیتے ہیں، اور ان کا وجود باطل کے لئے ایک چیلنج ہوتا ہے، وہ باطل اور برائی کی سروری قبول کرنے سے صاف انکار کر دیتے ہیں اور جہاں تک ان کا بس چلتا ہے اس کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں دریغ نہیں کرتے، یہ لوگ نماز ادا کرتے ہیں، زکوۃ دیتے ہیں، صرف اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ اللہ اور اس کے رسول کریم ﷺ کے ہر حکم کی اطاعت کے لئے ہر وقت مستعد رہتے ہیں"[9]

اہل ایمان کے ایمان سے ان کی ظاہر و باطن میں ایک انقلاب رونما ہوتا ہے اہل ایمان نیکی کے فروغ کے لئے جملہ وسائل بروئے کار لاتے ہیں، فریضہ دعوت انجام دینے کے لئے راحت وآرام قربان کر دیتے ہیں یعنی ہر طرح کی مشکلات اور تکالیف کو برداشت کرتے ہیں، اور دعوت حق دیتے ہوئے ہر طرح کی قربانی کے لئے مستعد رہتے ہیں حتیٰ کہ متاع عزیز جان کی قربانی سے بھی دریغ نہیں کرتے، باطل سے سورہ بازی نہیں کرتے حتیٰ المقدور باطل کا قلع قمع کرنے سے سے دریغ نہیں کرتے یہ لوگ خود بھی دین اسلام کی تعلیمات پر عمل کرنا اپنا مقصد زیست بنا لیتے ہیں، نہ صرف دوسروں کو دعوت دیتے ہیں بلکہ خود بھی اللہ اور اس کے رسول کے احکام پر عمل کرتے ہیں، یہ ہی داعیان حق کی شان ہے۔ ہر شخص دائرہ اختیار کے مطابق دعوت کا مکلف ٹھہرایا گیا ہے، گھر کا سربراہ اپنے اہل و عیال کو دعوت کا ذمہ ٹھہرایا گیا ہے، جو شخص کسی ادار کا سربراہ ہے تو اسے اپنے ماتحت افراد کو دعوت کا مکلف بنایا گیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ[10]

"اے ایمان والو! تم بچاو اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو اس آگ سے جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے"

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"اہل ایمان کو حکم دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو آتش جہنم سے بچائیں لیکن ان کی ذمہ داری اپنی ذات تک محدود نہیں بلکہ اپنے اہل و عیال کو بھی دوزخ کے عذاب سے بچانے کی پوری کوشش کرنا ان پر لازم ہے، حضرت عمرؓ کا ارشاد ہے جب یہ آیت نازل ہوئی تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ "نقی انفسنا فکیف لنا باھلینا" اے اللہ کے رسول ﷺ اپنے آپ کو دوزخ سے بچانے کا مفہوم سمجھ میں آگیا، ہم اپنے اہل و عیال کو کیونکر دوزخ سے بچا سکتے ہیں، "فقال تنھونھم عما نھکم اللہ تامرونھم بما امر اللہ" فرمای تم اس طرح ان کو بچا سکتے ہو کہ جن چیزوں سے اللہ نے تمہیں روکا ہے تم اپنے اہل و عیال کو بھی ان سے روکو اور جن کاموں کو بجالانے کا حکم دیا ہے، انہیں حکم دو کہ وہ بھی بجالائیں"[11]

امت محمدیہ کا ہر فرد انفرادی سطح پر دعوت کو ذمہ دار قرار پاتا ہے، اگر کما حقہ اس ذمہ داری کو نبھایا جائے تو معاشرہ بہت سی برائیوں سے بچ سکتا ہے۔ اس آیت میں صراحت کے ساتھ انفرادی دعوت کی اہمیت کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ والد پر لازم ہے کہ

اپنی اولاد کی تعلیم و تربیت دینی نہج پر کرے، اگر اس دعوتی ذمہ داری کو کماحقہ ادا کیا جائے تو ایک صالح معاشرہ وجود میں آتا ہے اس لئے کہ معاشرہ کی بنیاد گھر سے ہوتی ہے۔ پیر صاحب اسی آیت کی تفسیر میں آگے چل کر انفرادی دعوت کی اہمیت کو انتہائی احسن انداز بیان فرماتے ہیں۔

"دینی تعلیم اور عملی تربیت کا آغاز بچپن سے ہی ہو جانا چاہیے اوائل عمر میں جو سبق دیا جاتا ہے تادم واپسیں یاد رہتا ہے، جس کام کی عادت بچپن سے پڑ جاتی ہے وہ اس کی فطرت ثانیہ بن جاتی ہے جو والدین بچپن میں اپنے بچوں کو اطاعت خداوندی کی طرف راغب نہیں کرتے ان کی اولاد عموماً راہ حق سے بھٹک جایا کرتی ہے"[12]

اولاد کی تربیت کا وقت ان کے بچپن کی عمر ہے اس لئے کہ سیرت کے سنورنے اور بگڑنے کی یہی عمر ہے جو والد اس وقت اپنے اس فرض سے غفلت برتتا ہے وہ اپنی اولاد کو بگاڑنے کا ذمہ دار ٹھہرتا ہے اور جو والد اس وقت اپنی اولاد کی صحیح تربیت کرتا ہے ایسی اولاد تاحیات اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مطیع و فرماں بردار بن جاتی ہے

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ انفرادی دعوت کی اہمیت کا مزید احساس دلاتے ہوئے اسی آیت کی تفسیر میں رقمطراز ہیں

"کاش ہم اس فرمان خداوندی اور ارشادات نبوی کی روشنی میں اپنی اولاد کی تعلیم و تربیت کی طرف توجہ دیں تو ہمیں اپنے بچوں اور بچیوں سے بے راہ روی اور آوارہ گردی کا شکوہ نہ رہے"[13]

جو والدین اپنی اس دعوتی ذمہ داری کو نبھاتے ہیں انکی اولاد بے راہ روی اور آوارگی سے بچ جاتی ہے اور ان کی اولاد اس تربیت کے نتیجے میں اپنے حقوق و فرائض کو سمجھ کر عمل پیرا ہو گی تو یقیناً والدین ان کے طرز زندگی سے مطمئن ہوں گے۔ انفرادی سطح پر دعوت دین کو فراموش کرنے کے نقصانات کے اثرات پورے معاشرے پر پڑتے ہیں۔

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ اسی آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں

"آج جب سینما اور ٹی وی کے مخرب اخلاق پروگرام رہی سہی کسر بھی نکال دینے کے درپے ہیں، اسی وجہ سے ماں باپ کی ذمہ داریاں دوچند ہو گئی ہیں کہ وہ اپنی اولاد کی سخت نگرانی کریں اور اس سے بھی اہم یہ کے اپنے حُسن عمل اور اچھے نمونہ سے ان کے دلوں میں نیکیوں اور بھلائیوں سے ایک والہانہ محبت پیدا کریں اگر ہماری بے حسی کے باعث لادینی بپھری ہوئی موجوں نے ہمارے گھر کا مورچہ بھی سر کر لیا تو پھر آنے والے نسلوں کا خدا ہی حافظ ہے"14 اسلامی معاشرہ کی تشکیل کا آغاز گھر سے ہوتا ہے لادینی قوتوں کی یلغار کا رخ ہمارے گھر میں ہماری نسلوں کو تباہ کرنا ہے لہٰذا ہمیں انفرادی دعوت کی اہمیت سمجھتے ہوئے اس پر عمل پیرا ہونا پڑے گا۔

ایک دوسرے کی حق کی تلقین اور صبر کی تاکید کرنا

انفرادی دعوت کی اہمیت کو سورۃ العصر کی روشنی میں سمجھا جا سکتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

وَ الْعَصْرِۙ(۱)اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍۙ(۲)اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ﳔ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

"قسم ہے زمانہ کی۔یقیناً ہر انسان خسارہ میں ہے۔بجز ان (خوش نصیبوں) کے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے اور ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی تاکید کرتے رہے"

اس سورۃ مبارکہ میں ایمان، عمل صالح، ایک دوسرے کو حق کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہنے کو نقصان سے بچنے کا وسیلہ قرار دیا گیا ہے۔پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ تفسیر میں لکھتے ہیں:

"پہلی اور اہم بات یہ ہے کہ وہ صدقِ دل سے اپنے رب کریم پر ایمان لے آئیں نیز ان کے پروردگار نے ان کی ہدایت اور رہنمائی کے لئے جس نبی ﷺ کع مبعوث فرمایا ہے اس کی تصدیق کریں اور اس کے نبی ﷺ نے جو نظام حیات پیش کیا اس کو تہ دل سے قبول کریں دوسری صفت یہ ہے کہ اپنی زبان سے جس قلبی ایقان کا انہوں نے اظہار کیا ہے، میدان عمل میں اُٹھنے والا ہر قدم اس کی تصدیق کرے جہاں تک ان کی انفرادی کامیابی کا تعلق ہے وہ تو ان دو صفتوں کے پائے جانے سے حاصل ہو گئی لیکن اسے چراغ کون کہے گا جو اپنے ماحول کی تاریکیوں کو مٹا کر نہ رکھ دے، وہ دریا ہی کیا ہوا جو صحراؤں اور چٹیل میدانوں کی سیراب کر کے رشک فردوس نہ بنادے اس لئے فرمایا تیسری خوبی یہ ہے کہ وہ اپنے حلقہ اثر میں حق کی پذیرائی اور اس کی بالادستی قائم کرنے کے لئے بھرپور کوشش کرتا ہے اور یہ کوشش اس وقت تک بارآور نہیں ہو سکتی جب تک یہ خود اور اس کی محنت سے حق کو قبول کرنے والے اس کی راہ کی صعوبتوں کو جوانمردی سے برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا نہ کرلیں، یہ اسی وقت ممکن ہے جب وہ ایک دورے کو صبر واستقامت کا درس دیتے رہیں، مصائب والام میں خود استقامت کا مظاہرہ کر کے دوسروں کے لیے دلکش نمونہ پیش کرتے رہیں، یہ صبر کامیابی کی اہم اور چوتھی شرط ہے"[15] اہل ایمان پر لازم ہے کہ وہ دوسروں کو بھی نور ہدایت سے منور کریں اوا پنے حلقہ اثر میں حق کو غالب کریں، حق کی ترویج کریں اور دعوت حق کی راہ میں حائل ہونے والی رکاوٹوں سے گھبرائیں نہیں بلکہ ثابت قدمی سے اس فریضہ کو نبھاتے رہیں اور صبر کا دامن مضبوطی سے پکڑے رکھیں۔

اجتماعی سطح پر دعوت کی ضرورت واہمیت

دعوت کی ایک صورت اس کی اجتماعی سطح ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ[۱۶]

"اور اسی طرح ہم نے بنادیا تمہیں (اے مسلمانو!) بہترین امت تاکہ تم گواہ بنو لوگوں پر"

اللہ جل مجدہ نے یہ حکم مسلمانوں کو اجتماعی حیثیت سے دیا ہے۔

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"امت محمدیہ گواہ ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، دنیا میں اس کی گواہی اسلام کی صداقت پر ہے، کیونکہ اسلامی تعلیمات کی وہ زندہ تصویر ہے، دنیا میں اس کا ہر قول ہر فعل اس کی انفرادی اور اجتماعی خوشحالی، اس کی سیرت کی پختگی اور اس کے اخلاق کی بلندی ہر چیز اسلام کی صداقت پر گواہی دے رہی ہے اور قیامت کے روز جب اگلے پیغمبروں کی امتیں اللہ تعالیٰ کے حضور پر عرض کریں گے کہ ہمیں کسی نے تیرا پیغام ہدایت نہیں پہنچایا تو اس وقت امت مصطفیٰ ﷺ گواہی دے گی کہ یہ لوگ جھوٹ بول رہے ہیں، تیرے پیغمبروں نے تو تیرا پیغام حرف بحرف پہنچا دیا تھا"[17]

حضور ﷺ کی امت اسلام کی صداقت پر گواہ ہے اس آیت کی روشنی میں حضور ﷺ کی پوری امت من حیث الجماعت آپ ﷺ کی تعلیمات کی امین ہے اس نے اپنے قول و عمل سے اسلام کی تعلیمات کو اگلی نسلوں تک منتقل کرنا ہے حضور ﷺ کی امت دنیا میں بایں معنیٰ گواہ ہے۔ قرآن مجید میں ایک اور مقام پر امت محمدیہ کو من حیث الجماعۃ دعوت کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ[18]

"ہو تم بہترین امت جو ظاہر کی گئی ہے لوگوں (کی ہدایت و بھلائی) کے لئے تم حکم دیتے ہو نیکی کا اور روکتے ہو بُرائی سے اور ایمان رکھتے ہو اللہ پر"

رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

من رای منکم منکرا فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ وذالک اضعف الایمان[19]

"جو تم میں سے کسی برائی کو دیکھے تو اُسے چاہیے کہ اُسے ہاتھ سے روک دے اگر اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو زبان سے روکے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو تو اُسے اپنے دل سے برا جانے اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے"

دعوت اس قدر ضروری ہے کہ اگر اسے چھوڑ دیا جائے تو پورا معاشرہ گمراہی کی لپیٹ میں آجائے گا اور اس طرح عذابِ الٰہی ایسے معاشرے کا مقدر بن جاتا ہے اور دعوت کا عمل انجام نہ دینے پر نیک لوگ بھی اللہ کے عذاب کی لپیٹ میں آ جاتے ہیں۔

رسول اکرم ﷺ نے ایک اور حدیث میں ارشاد فرمایا: من سئل عن علم فکتمہ الجم یوم القیامۃ بلجام من نار[20] جس شخص سے کسی نے علم کے متعلق کچھ پوچھا اور اُس نے اُسے چھپا لیا تو قیامت کے دن اسے آگ کی لگام ڈالی جائے گی۔

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں

"رسول اکرم ﷺ کی امت کو خیر الامم کے جلیل القدر لقب سے سرفراز کیا جارہا ہے کہ جتنی بھی امتیں آج تک صفحہ ہستی پر ظاہر ہوئی ہیں ان سب سے تم بہتر ہو کیونکہ تمہاری زندگی کا مقصد بڑا پاکیزہ، بہت بلند ہے، تم اس لئے زندہ ہو اور اس لئے کوشاں ہو کہ حق کا بول بالا ہو، ہدایت کی روشنی پھیلے، گمراہی کی ظلمت کافور ہو، باطل کا طلسم ٹوٹے اور اخلاق حسنہ کو فوقیت حاصل ہو، وہ حیوانی رسم ورواج جنہوں نے طاقتور کو ظالم اور چیرہ دست اور کمزور کو مظلوم اور فاقہ مست بنا رکھا ہے مٹ جائیں اور اس کے ساتھ، ساتھ سب سے بڑی صداقت (یعنی توحید) پر تم خود بھی ایمان لا چکے ہو اور دوسروں کو اس کے قبول کرنے کی دعوت دیتے ہو"[21]

پیر صاحب امت محمدیہ کی شانِ دعوت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں

"اگرچہ پہلی امتیں بھی امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور ایمان باللہ سے مشرف تھیں لیکن جو شان تمہارے امر بالمعروف کی ہے اور جو جلال تمہارے نہی عن المنکر میں ہے اور جو گہرائی اور کمال تمہارے ایمان باللہ میں ہے وہ تم سے پہلے کسی امت کو نصیب نہیں ہوا نیز جس ہمت، خلوص اور سرفروشی سے تم نے اس بارِ امانت کو اٹھایا ہے یوں اج تک کوئی نہ اُٹھا سکا، اس لئے تم اس کے جائز مستحق ہو کہ اقوام عالم کی بھری محفل میں تمہارے سر پر فضیلت کا تاج رکھا جائے اس کے علاوہ حضور ﷺ کی امت کے خیر الامم ہونے کی ایک وروجہ یہ بھی ہے جو اس آیت میں مذکور ہے یعنی دوسری قوموں کے فیضان ہدایت سے ایک محدود علاقہ، ایک مخصوص قوم، وہ بھی ایک مقررہ وقت تک مستفیض ہو سکتی تھی لیکن تمہارا ابر کرم بحر و بر، نشیب و فراز، سیاہ و سفید نزدیک و دور ہر خطہ پر برسے گا اور ہر خطہ کے پیاسوں کی پیاس بجھائے گا، تمہاری برکتیں صرف اپنے لئے اور اپنوں کے لیے نہیں بلکہ سب کے لیے ہیں اور یہ وہ شرف ہے جو پہلے کسی کو حاصل نہیں ہوا ی وہ جود و سخا ہے جس سے پہلے دنیا متعارف نہیں "اخرجت للناس میں اس امر کی طرف اشارہ ہے"۔[22]

سورۃ آل عمران میں ایک اور مقام پر اجتماعی سطح پر دعوت کی ضرورت واہمیت کو اس طرح اجاگر کیا گیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ[23]

"ضرور ہونی چاہیے تم میں ایک جماعت جو بلایا کرے نیکی کی طرف اور حکم دیا کرے بھلائی کا اور روکا کرے بدی سے اور یہی لوگ کامیاب و کامران ہیں"

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں

"یہ دین قیم جس نے عالم بشریت کی تقدیر بدل دی اس کی تبلیغ واشاعت ایک اہم ترین ذمہ داری ہے، اگر اس ملت میں ایسے افراد نہ ہوں جو اس کے پیغام رحمت کو دنیا کے گوشہ گوشہ تک پہنچانے کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیں تو یہ

عالمگیر پیغام ہدایت چند ملکوں میں محدود ہو کر رہ جائے گا"[24] امت نے اس فریضہ کو فراموش کر دیا تو دین کا دائرہ سکڑ جائے گا حالانکہ یہ دین آفاقی ہے اس کی ہدایت و تعلیمات تمام انسانیت کے لئے ہیں اس لیے تمام اقوام تک اس کی تعلیمات کو عام کرنا امت کا فریضہ ہے۔

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ اسی آیت کی تفسیر میں مزید رقمطراز ہیں

"اور یہ اس پیغام سے بھی ناانصافی ہو گی اور ان قوموں پر بھی ظلم ہو گا جو گھپ اندھیروں میں بھٹک رہی ہیں، جن کی زندگی کی تاریک رات کسی روشن چراغ کے لئے ترس رہی ہے نیز وہ قوم اور ملک جس نے دین کو قبول کر لیا ہے اس کے آئینہ دل پر بھی غفلت کر گرد پڑ سکتی ہے ان کی گرمئ عمل بھی سستی کا شکار ہو سکتی ہے، ارد گرد کے گمراہ کن تاثرات سے بھی وہ متاثر ہو سکتے ہیں اگر ایسی ہستیاں نہ ہوں جن کا کام ہی اسلام کے حکیمانہ انداز سے لوگوں کو غفلت سے بیدار کرنا، ان کی گرمئ عمل کو باقی رکھنا اور خارجی اور اجنبی تاثرات و تحریکات سے ان کے دل و دماغ کو محفوظ رکھنا ہو تو بہت سی گمراہیاں کود اس قوم میں راہ پا سکتی ہیں جو اس دین کی علم بردار ہے"[25]

اقوام عالم تک دین کا پیغام پہنچانے اور امت مسلمہ کو ہدایت پر ثابت قدم رکھنے اور گمراہی سے بچانے کا ذریعہ اجتماعی دعوت ہے۔ اس وقت مادی اعتبار سے دنیا بہت آگے جا چکی ہے، لیکن دینِ اسلام کی ترویج و تبلیغ کا فریضہ کما حقہ انجام نہیں دیا جا رہا اگر ہم اس فریضہ کو اجتماعی ذمہ داری سمجھ کر انجام دیں تو یقیناً اسلام بڑی تیزی کے ساتھ پھیل سکتا ہے۔

پیر صاحب اجتماعی دعوت کی اہمیت بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں

"یہ دونوں کام یعنی ملت اسلامیہ کو شاہراہ اسلام پر ثابت قدم رکھنا اور غیر مسلم اقوام تک پیغام رشد و ہدایت پہنچانا جتنے اہم اور ضروری ہیں اتنے ہی مشکل اور" پیچیدہ ہیں اس لئے ایک ایسی جماعت تیار کرنا ملت کا اجتماعی فریضہ ہے جس کا علم و عمل ظاہر و باطن سیرت و کردار رسول اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مظہر کامل ہو، ان میں علوم اسلامیہ میں مہارت تامہ کے ساتھ ساتھ سیرت کی پاکیزگی، کردار کی پختگی اور ظاہر و باطن کی یکسانی پیدا کرنا کوئی آسان کام نہیں اس لیے جس بڑی سے بڑی قربانی ایمان فراست، قلبی بصیرت اور روحانی تربیت کی ضرورت ہے وہ پوری ہونی چاہیے، اگر ملت اپنے اس اہم فریضہ کو ادا نہ کرے گی تو وہ اللہ تعالیٰ کی جناب میں اپنی کوتاہی کے لئے جواب دہ ہو گی۔[26]

غیر مسلموں کو دعوت دینا اور مسلمانوں کو شاہراہ اسلام پر ثابت قدم رکھنا بہت مشکل کام ہے لہٰذا اس ذمہ داری کو کما حقہ انجام دینا امت مسلمہ کا اجتماعی ذمہ داری ہے، اس لئے پوری ملت اسلامیہ کو چاہیے کہ اس ذمہ داری کی ادائیگی کے لئے ایسے افراد تیار کئے جائیں جو پیکر علم و عمل ہوں، جن کا عمل حضور ﷺ کے اسوۂ حسنہ کے سانچہ میں ڈھلا ہوا ہو جو صاحب بصیرت ہوں، صاحب تقویٰ ہوں جن کا باطن ظاہر کی طرح صاف ہو، صاحب روحانیت ہوں، جب تک ملتِ

اسلامیہ ایسے افراد تیار کرتی رہی، فصل اسلام میں بہار ہی۔ قرآن مجید اور تفاسیر سے یہ حقیقت اظہر من الشمس ہو جاتی ہے کہ دعوتِ دین کی اجتماعی ذمہ داری ادا کئے بغیر دعوت و تبلیغ کا عمل کماحقہ انجام نہیں دیا جا سکتا۔

دعوت کی اجتماعی سطح پر اہمیت کا علم اس حدیث سے بھی ہوتا ہے جو آپ ﷺ کے خطبہ حجۃ الوداع میں مذکور ہے۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا

فلیبلغ الشاھد الغائب [27]

"پس جو موجود ہے وہ غائب تک پہنچادے"

اسلام پوری کائنات کا دین ہے ختم نبوت کے بعد اسے پوری دنیا تک پہنچانا امت محمدی کی ذمہ داری ہے امت محمدیہ نے جب تک اس ذمہ داری کماحقہ انجام دیا حق کو غلبہ نصیب ہوا اور باطل پسپا اور رسوا ہوا، لہٰذا غلبۂ دین حق کی بحالی کے لیے ضروری ہے کہ امت مسلمہ اجتماعی سطح پر دعوتِ دین کی ذمہ داری نبھائے۔

حکومتی سطح پر دعوت کی ضرورت واہمیت

اسلام میں دعوت کی ذمہ داری اسلامی حکومت پر بھی ڈالی گئی ہے، اگر اسلامی حکومت اس ذمہ داری کو کماحقہ انجام دے تو بلاشبہ اسلام کی ترویج واشاعت مضبوط بنیادوں پر ہو سکتی ہے اور اس کے ثمرات و برکات دور رس ہو سکتے ہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰھُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ ؕ وَلِلّٰہِ عَاقِبَۃُ الْاُمُوْرِ [28]

"وہ لوگ کہ اگر ہم انہیں بخشیں زمیں میں تو وہ صحیح صحیح ادا کرتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوۃ اور حکم کرتے ہیں (لوگوں کو) نیکی کا اور روکتے ہیں (انہیں) برائی سے اور اللہ تعالیٰ لے لئے ہے سارے کاموں کا انجام"

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ اس آیت کی تفسیر میں بیان فرماتے ہیں۔

جب یہ مسندِ حکومت پر بیٹھتے ہیں تو اپنے رب کی یاد سے غافل نہیں ہوتے جب ملک کے خزانوں کی کنجیاں ان کے ہاتھ میں ہوتی ہیں تو ان خزانوں کو اپنی ذاتی آرائش وآسائش اور عیش و عشرت میں صرف نہیں کرتے، ان کے اقتدار کے جھنڈے کے نیچے بدکاری اور فسق وفجور پروان نہیں چڑھتا بلکہ زما حکومت غریبوں اور مسکینوں کی ضروریات کی کفیل ہوتی ہے، جہاں ان کے مبارک قدم پہنچتے ہیں وہاں نکی اور تقویٰ کے چمستان لہلہانے لگتے ہیں، غور فرمایئے اسلامی حکومت کی برکات کا کتنا واضح اور حسین بیانیے اسلامی رہنماؤں کے فرائض کی کیسی جامع فہرست ہے ایسے جامع واضح اور یمن و برکت سے لبریز دستور العمل کی موجودگی میں اگر ہمارے سربراہوں کو کسی نئے دستور کی تلاش ہو تو یہ انکی اپنی سمجھ کا قصور ہے، قرآن نازل کرنے والے نے بتانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ [29]

حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ ملکی خزانوں کو گناہ کے کاموں میں خرچ نہ کیا جائے بلکہ مستحقین کو ان سے فیضیاب کیا جائے، حکمران اپنے دائرہ اختیار واقتدار تک نیکیاور تقویٰ کو فروغ دیں اور اسلام کو ایک نظام حکومت کے طور پر نافذ کریں، قرآن مجید کی اس آیتِ مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی دستور العمل کے ہوتے ہوئے اگر حکمران کسی اور دستور کی تلاش میں رہیں گے تو یہ ان کی غلطی ہو گی، لہذا حکمرانوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ نیکی اور تقویٰ کو پھیلائیں اور بُرائی کے راستے بند کریں ملتِ اسلامیہ کے حکمران اگر اس ذمہ داری کو کماحقہ نبھائیں تو یقیناً معاشرہ سدھر سکتا ہے۔

نتائج بحث

۱۔ امتِ محمدیہ پر دعوتِ دین لازم ہے جب تک امت یہ ذمہ داری پوری کرتی رہے گئی تو افضل الامم قرار پائے گئی اور اس ذمہ داری کو فراموش کرنے پر اپنی عظمت کو ضائع کر دے گی۔

۲۔ دعوتِ دین ہمہ وقتی عمل ہے لہذا کچھ لوگ ایسے ضرور ہونے چاہیں جو دین کا علم مکمل طور پر حاصل کریں اور دعوت کی ذمہ داری نبھائیں۔اس طرح دین کی کلی دعوت انجام دی جا سکے گی اور ایسی دعوت کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے اور دین آگے منتقل ہو گا اور لوگوں کو دین کا فہم کامل نصیب ہو گا اور ایسے داعیان ہی دین کی تعلیمات کماحقہ واضح کر سکیں گے۔

۳۔ انفرادی سطح پر یہ ذمہ داری ڈالی گئی ہے کہ ہر شخص اپنے زیر اثر افراد کو احکام دین کے مطابق تعلیم دے یعنی ماں باپ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی اولاد کی تعلیم و تربیت اسلامی خطوط پر کریں۔اور شوہر کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی بیوی کو اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کا پابند بنائے اور ادارے کے سربراہ کی ذمہ داری ہے کہ اپنے زیر اثر لوگوں کو اسلامی تعلیمات کا پابند بنائے۔

۴۔ دین اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے لہذا اس کی جامع تعلیمات سے امت کو دعوت کے ذریعے روشناس کرایا جائے۔ جزوی سطح کی دعوت نہ دی جائے کہ بعض نفل اور مستحب درجے کے اعمال کو کل دین سمجھ لیا جائے یا محض چند عبادات کو ہی مکمل دین سمجھا جانے لگے بلکہ زندگی کے جملہ شعبوں کے بارے میں اسلامی احکام کی امت کو تعلیم و تربیت دی جائے۔

۵۔ دعوت کا مسلکی اُسلوب نہیں ہونا چاہیے بعض داعیان اسلام قرآن وسنت کی ایسی توضیح و تشریح کرتے ہیں جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کسی خاص مسلک کی تائید یا مخالفت کے لئے نازل ہوا ہے اور حضور ﷺ کسی خاص مسلک کی تائید فرماتے تھے لہذا یہ ضروری ہے کہ لوگوں کو اسلام کی آفاقی تعلیمات سے آگاہ کیا جائے اور مسلکی اختلافات کو بھلا دیا جائے۔

۶۔ دعوت کو ذریعہ معاش نہ بنایا جائے اس سے لوگوں کے دلوں میں دین کی بے قدری ہو گی اور داعی اسلام کما حقہ اسلام کا پیغام نہیں پہنچا سکے گا اور معاشرے کے صاحبِ ثروت لوگ داعی دین کو حقیر جانیں گے۔ نتیجۃ لوگ عمل سے اعراض برتنے لگیں گے۔

۷۔ دعوت دین کو ذاتی شہرت اور ناموری کا ذریعہ نہ بنایا جائے اس سے لوگ دین پر عمل کرنے کے لیے آمادہ نہیں ہوتے اور قوم کا جذبہ عمل سست پڑ جاتا ہے۔

۸۔ روحانیت کے نام پر دین کو کاروبار نہ بنایا جائے ایسا کرنے سے دنیاداروں میں اور روحانیت کا نام لینے والوں میں کوئی فرق نہیں رہے گا۔ اور نہ ہی لوگوں کے قلوب میں روحانیت پیدا ہو گی۔

۹۔ دعوت دین حکومتی سطح پر مطلوب ہے اگر اس سطح پر یہ ذمہ داری نبھائی جائے تو عالمی سطح پر اسلام کا پیغام پہنچے گا۔ اور دنیا بڑی تیزی کے ساتھ اسلام قبول کرے گی۔

۱۰۔ دعوتِ دین اخلاصِ نیت سے دی جائے اگر داعی اپنی نیت میں اخلاص پیدا کرے گا تو وہ مخالفتوں کے باوجود اپنی ذمہ داری انجام دیتا رہے گا۔ اور ثابت قدمی سے وہ دعوت کے راستے پر گامزن رہے گا کوئی طاقت اسے یہ ذمہ داری نبھانے سے روک نہیں سکے گی۔

حواشی و حوالہ جات

1 ۔ سورۃ ال عمران، آیت ۱۰۴

2 ۔ الازہری، پیر محمد کرم شاہ، ضیاء القرآن، ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور، ۱۹۹۵، ج ۱، ص ۲۶۱، ۲۶۰

3 ۔ سورۃ سباء، آیت ۲۸

4 ۔ المصری الافریقی، اعلامہ ابو الفصل جمال الدین محمد بن مکرم ابن منظور، لسان العرب، ناشر دار صادر بیروت، ۱۹۵۶، ج ۱۴، ص ۲۵۸

5 ۔ ابن تیمیہ، احمد بن عبد الحلیم، مجموعہ الفتاویٰ، بیروت دار الفک، ۱۴۰۲ھ، ج ۵، ص ۱۵۷

6 ۔ محمد ابو الفتح، المدخل الی علم الدعوۃ، دار صادر بیروت، ۱۴۱۸ھ، ص ۱۶

7 ۔ علی محفوظ، شیخ ہدایۃً المرشدین، دار اعتصام مصر، ۱۴۲۰ھ، ص ۴

8 ۔ سورۃ التوبہ، آیت ۷۱

9 ۔ ضیاء القرآن، ج ۲، ص ۲۳۱، ۲۳۲

10 ۔ سورۃ التحریم، آیت ۶

11 ۔ ضیاء القرآن، ج ۵، ص ۳۰۰

12 ۔ نفس مصدر، ج ۵، ص ۳۰۱

13 ۔ نفس مصدر، ج ۵، ص ۳۰۱

14 ۔ نفس مصدر، ج۵، ص۳۰۱
15 ۔ ضیاء القرآن، ج۵، ص۶۵۴
16 ۔ سورۃ البقرہ، آیت ۱۴۳
17 ۔ ضیاء القرآن، ج۱، ص۱۰۱
18 ۔ سورۃ آل عمران، آیت ۱۱۰
19 ۔ مسلم بن الحجاج، الجامع الصحیح، کتاب الایمان، باب ان الامر بالمعروف والنھی عن المنکر واجبان، رقم ۱۷۷
20 ۔ جامع ترمذی
21 ۔ تفسیر ضیاء القرآن، ج۱، ص۲۶۳
22 ۔ ضیاء القرآن، ج۱، ص۲۶۳، ۲۶۴
23 ۔ سورۃ آل عمران، آیت ۱۰۴
24 ۔ ضیاء القرآن، ج۱، ص۲۶۰
25 ۔ ضیاء القرآن، ج۱، ص۲۶۰
26 ۔ ضیاء القرآن، ج۱، ص۲۶۰
27 ۔ بخاری، کتاب المغازی، باب حجۃ الوداع
28 ۔ سورۃ الحج، آیت ۴۱
29 ۔ ضیاء القرآن، ج۳، ص۲۲۱، ۲۲۰

OPEN ACCESS
MA'ARIF-E-ISLAMI (AIOU)
ISSN (Print): 1992-8556
ISSN (Online): 2664-0171
https://mei.aiou.edu.pk

تفسیری ادب کی روشنی میں یہود ونصاریٰ کے اختلافات: حقیقت و نوعیت

Essentiality and Nature of Discrepancy among Doctrinaire
(An Abstraction of Tafseeric Dissertation)

ڈاکٹر محمد سمیع اللہ
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف مینجمنٹ، لاہور
فائقہ عمران
ایم فل سکالر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف مینجمنٹ، لاہور

Abstract

Christian and Jews are named as Doctrinaire by Holy Quran. Ostensibly they are Islam friendly adversaries but the facts are far yonder as they are the brinks that never get unite. They not only have dissensions in legal maxims but are also antagonistic in several other negotiations. Descriptive study method will be used to check an account for all the discords among apostles. The research study will end up highlighting the nature and essentiality of the cardinal discrepancies in the ablaze of various Tafseeric compositions.

Key words: Doctrinaire, Islam adversaries, legal dissensions, cardinal discrepancy

یہود ونصاری کا تعارف

تفسیر ابن کثیر میں یہود کا تعارف ان الفاظ میں کیا ہے

لفظ یہود ہوداۃ سے ماخوذ ہے جس کے معنی مودۃ دوستی کے ہیں جیسے قرآن میں آیات ہیں (انا ھدنا الیك)

حضرت موسی علیہ السلام فرماتے ہیں ہم اے اللہ تیری طرف توبہ کرتے ہیں انہیں اس وجہ کی بنا پر ان کو یہود کہا گیا۔ یہودا حضرت یعقوب کے بڑے لڑکے کا نام تھا ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ تورات پڑھتے وقت ہلتے تھے۔ اس بنا پر انہیں یہود یعنی حرکت کرنے والا کہا گیا ہے۔[1]

اردو دائرہ معارف اسلامیہ میں لکھا ہے کہ:

عام طور پر اس سے مراد حضرت موسی کی شریعت کو ماننے والے لوگ ہیں، مگر چونکہ یہودی مذہب کی تعلیمات فقط اولاد یعقوب تک محدود رہی ہیں، اس لئے یہ لفظ ایک نسلی گروہ کے لیے مخصوص ہو کر رہ گیا ہے۔[2]

احمد دیدات اپنی کتاب یہودیت، عیسائیت اور اسلام کیں لکھتے ہیں:

"عہد نامہ عتیق کے مطابق حضرت ابراہیم کے دو بیٹے تھے اسماعیل اور اسحاق۔ آگے اسحاق کے دو بیٹے تھے جن میں سے ایک کا نام عیسو اور دوسرے چھوٹے کا نام یعقوب تھا۔ حضرت یعقوب ہی کا دوسرا نام اسرائیل (اللہ کا بندہ) تھا۔

حضرت یعقوبؑ کی نسل ہی بنی اسرائیل کہلائی۔ حضرت یعقوب کے بارہ بیٹے تھے جن میں سب سے بڑے کا نام یہود تھا اور سب سے چھوٹے کا نام بنیامین تھا۔ ملک فلسطین کے ایک حصے کا نام یہود پر پڑ گیا۔ یہود کا خاندان خوب پھلا پھولا۔ لفظ یہود ا بنی اسرائیل ایک ہی نسل کے لئے استعمال ہونے لگے۔ بعد ازیں تمام اسرائیلی یہودی کہلانے لگے اور ان کا مذہب یہودیت مشہور ہو گیا۔"[3]

رابرٹ وین دی ویئر کے مطابق

"یہودی وہ ہوتا ہے جو یہودی ماں کے بطن سے پیدا ہوا ہو اور وہ یہودی عظیم عبرانی پیغمبر حضرات ابراھیمؑ حضرت اسحاقؑ، حضرت یعقوبؑ کی مذہبی وراثت کا دعویدار ہو سکتا ہے۔"[4]

احمد دیدات یہودیت کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"یہودیت وہ مذہب ہے جس میں ایک خدا پر ایمان کے ساتھ ساتھ ایک نسل کی برتری و عظمت کا عقیدہ بھی داخل دین ہے۔"[5]

نجران کے عیسائی حضور ﷺ کے پاس اکٹھے ہو گئے اور پھر حضرت ابراہیمؑ کے بارے میں جھگڑنے لگے۔ یہودیوں نے دعویٰ کیا کہ حضرت ابراہیم یہودی تھے اور عیسائیوں نے دعویٰ کیا کہ وہ عیسائی تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کے دعوے کو یہ فرما کر باطل کر دیا کہ (یااہل الکتاب---- افلا تعقلون) اے اہل کتاب تم ابراہیم کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو حالانکہ تورات اور انجیل کا نزول ان کے بعد ہوا ہے کیا تمہیں اتنی بھی سمجھ نہیں ہے۔ جب یہودیت اور عیسائیت حضرت ابراہیم کے بعد کی پیداوار ہے تو پھر آپؑ یہودی یا عیسائی کیسے قرار دیے جا سکتے ہیں۔[6]

تفسیر تیسیر القرآن میں مزید آیا ہے:

یہود و نصاریٰ دونوں حضرت ابراہیم کو اپنا پیشوا تسلیم کرتے تھے۔ اس کے باوجود ان میں شدید قسم کے اختلاف تھے۔ مزید یہ کہ یہودیوں کا دعویٰ یہ تھا کہ حضرت ابراہیمؑ ہمارے مذہب پر تھے یعنی یہودی تھے اور نصاریٰ کا یہ دعویٰ تھا کہ ہمارے مذہب پر تھے یعنی نصاریٰ تھے۔[7]

- **یہود نصاریٰ کی احکام شرعیہ میں مخالفت**

حضرت عیسیٰ اللہ کے بھیجے ہوئے نبی تھے جو کہ انبیا کرامؑ کی ہی شریعت کو آگے بڑھانے کے لیے مبعوث ہوئے تھے اسی حقیقت کا اعتراف حضرت عیسیٰؑ نے خود کیا تھا۔

"حضرت مسیح نے فرمایا ہے کہ میں تمہارے پاس آیا ہوں تاکہ توراۃ اور اپنے انبیاء کی وصیتوں پر عمل کروں، میں اس کو توڑنے نہیں آیا ہوں بلکہ اس کو پورا اور مکمل کرنے آیا ہوں۔ آسمان کا زمین پر گر جانا، اللہ کے نزدیک زیادہ آسان

ہے بنسبت اس کے کہ میں شریعت موسوی کا کوئی حصہ توڑ دوں اور جس نے بھی اس کا کوئی حصہ توڑا وہ آسمان کے فرشتوں کے درمیان ناقص کہلائے گا۔"[8]

یہود و نصاریٰ کا احکام شرعیہ کے بارے میں آپس میں شدید اختلاف رکھتے ہیں۔ ان کے انہیں اختلافات کو ابن القیم اپنی کتاب میں یوں بیان کرتے ہیں:

اس کے بعد وہ دور آیا جب انہوں نے ان کے احکامات اپنی خواہشات کے مطابق تحریف و تبدیل کرنا شروع کر دیے، اس کی مخالفت کرنے لگے یہاں تک کہ دین مسیح سے بالکل نکل گئے۔

انھوں نے دیکھا کہ حضرت عیسیٰ کو جادو گر، مجنوں، بیوقوف، ولد الزنا کہتے ہیں چنانچہ وہ لوگ ان کی مخالفت کرتے ہوئے حضرت عیسیٰ کو خدا اور خدا کا بیٹا کہنے لگے، اسی طرح انھوں نے دیکھا کہ یہود ختنہ کرتے ہیں تو انھوں نے ان کی مخالفت میں ختنہ کرنا چھوڑ دیا، انھوں نے دیکھا کہ وہ طہارت میں خوب مبالغہ کرتے ہیں تو انھوں نے یکسر طہارت حاصل کرنا چھوڑ دیا۔ انھوں نے دیکھا وہ حیضہ عورتوں کے ساتھ کھانے پینے اور ان سے ملنے جلنے سے اجتناب کرتے ہیں، تو انھوں نے اس کی مخالفت میں ان سے جماع کرنا شروع کر دیا، انھوں نے دیکھا کہ یہود سور کا گوشت حرام سمجھتے ہیں تو انھوں نے اس کو اپنے اوپر حلال کر لیا اور اس کا کھانا اپنے لئے ایک شرعی فعل قرار دیا، انھوں نے دیکھا کہ یہود بہت سے ذبیحہ اور حیوان کو حرام سمجھتے ہیں تو انھوں نے اس کی مخالفت میں ہاتھی سے لے کر مچھر تک تمام کو اپنے لئے حلال کر لیا، اور کہنے لگے جو چاہو کھاؤ اور جو چاہو چھوڑ دو کوئی حرج و پابندی نہیں۔ انھوں نے دیکھا کہ یہود اللہ پر اپنی کسی شریعت کا منسوخ کرنا حرام سمجھتے ہیں تو انھوں نے اپنے اوپر پادریوں اور راہبوں کو پورا اختیار دے دیا کہ جو چاہو حرام کرو اور جو چاہو حلال کرو، اور جسے چاہو منسوخ کرو۔[9]

یہود و نصاریٰ کی اسی روش کو **جیر الڈاے-لاروئے اپنی کتاب آزاد خیالی کی عالمی روایت** میں ان الفاظ میں لکھتے ہیں کہ:

"جب عیسائی مبلغین رومی دنیا میں آئے تو انہیں یہودیوں اور غیر یہودیوں دونوں گروہوں میں (عیسائیت) اثر جلد قبول کرنے والے افراد ملے لیکن فوراً ہی اختلافات سامنے آنے لگے۔ مثلاً عیسائیت قبول کرنے سے متعلق ایک سوال یہ سامنے آیا کہ غیر یہودی افراد کا عیسائیت قبول کرنے سے قبل یہودی بننا (ختنہ کروانا) لازمی تھا۔ یروشلم کے عیسائیوں کا کہنا تھا کہ ان کے ختنے کروائے جائیں، سینٹ پال کے معتقدین کا کہنا تھا کہ ان درمیانی اقدام کی ضرورت نہ تھی۔ اس بحث کی جھلک ہمیں سینٹ پال اور اس کے خط میں نظر آتی ہے جو اس نے گلاشیوں کے نام لکھا بالآخر اس کے گروہ کی جیت ہوئی جو ختنے نہ کروانے کے حق میں تھا۔ اسی طرح کا ایک سوال یہودیوں کی کو شرغذاؤں سے متعلق تھا۔ کیا ایسی غیر یہودی افراد جنھوں نے وعیسائیت قبول کی تھی ان پر کو شرغذاؤں کے اصولوں کی پابندی لازم تھی کورنتھ جہاں

بازاروں پر تاجروں کے دیوتا/یالو کا اثر نمایاں تھا، دکانیں اس کے لئے وقف تھیں اور بلاشبہ وہاں ملنے والی غذا کو شر نہ تھی۔ایک بار پھر پال کو غیر یہودی وعیسائیوں کی آزادی قائم رکھنے پر مجبور ہونا پڑا یعنی ان پر یہودیوں کے غذائی اصولوں کو پورا کرنا ضروری نہ تھا"[10]

احمد عبداللہ لکھتے ہیں کہ :

حضرت عیسیٰ بنی اسرائیل میں پیدا ہوئے اور انہوں نے یہودیوں کو ان کے آبائی مذہب پر چلنے کی دعوت دی تھی لیکن کچھ عرصہ بعد حضرت عیسیٰؑ کی تعلیمات کو یہودیت سے علیحدہ سمجھا جانے لگا اور عیسائیت کے بعض بنیادی عقائد یہودیت سے مختلف ہو گئے۔[11]

یہود کا حضرت عیسیٰؑ کی نبوت کا انکار

یہود حضرت موسیٰ شریعت کے پیرو کار تھے اور اپنے لیے ایک مسیحا کے منتظر تھے جو کہ ان کے کھوئے ہوئے وقار کو بحال کرے۔ حضرت عیسیٰؑ حقیقتاً شریعت موسوی کے ہی علمبردار تھے لیکن بظاہر اس تحریف شدہ احکامات کے خلاف تھے جس پر وہ عمل پیرا تھے اس لیے وہ حضرت عیسیٰ کو مسیح ماننے سے انکار کرتے تھے اس بات کو **مولانا مودودی** نے اپنی کتاب میں بیان کیا:

''حضرت عیسیٰؑ کے ابتدائی پیرو آپ کو صرف نبی مانتے تھے، موسوی شریعت کا اتباع کرتے تھے، عقائد اور احکامات اور عبادات کے معاملہ میں اپنے آپ کو دوسرے بنی اسرائیل سے قطعاً الگ نہ سمجھتے تھے، اور یہودیوں سے ان کا اختلاف صرف اس امر میں تھا کہ یہ حضرت عیسیٰؑ کو مسیح تسلیم کر کے ان پر ایمان لائے تھے اور وہ ان کو مسیح ماننے سے انکار کرتے تھے۔"[12]

ابن القیم اس سلسلے میں بیان کرتے ہیں: یہود نبی کریم ﷺ کی نبوت کو اپنی کتاب ماننے سے اسی طرح انکار کر رہے ہیں جیسے کہ حضرت عیسیٰؑ کی نبوت کا انہوں نے انکار کیا حالانکہ صراحتاً حضرت مسیح کا نام ان کی کتابوں میں مذکور تھا جیسا کہ تورات کی اس عبارت سے پتہ چلتا ہے۔

آل یہود سے بادشاہت زائل نہیں ہو گی اور حاکم انہی میں سے ہو گا یہاں تک کہ مسیح آجائیں۔ لیکن جب حجرت عیسیٰ کا ظہور ہوا تو انہوں نے اس کی تکذیب کی ان پر اور حضرت مریم بڑی بہتان طرازی کی جس کے نتیجے میں بادشاہت ان سے چھین لی گئی اور اللہ نے ان پر عذاب مسلط کر دیا[13]

یہود کا حضرت مریمؑ پر بہتان

قرآن حکیم میں ارشاد ہوا ہے۔

وبکفرھم وقولھم علی مریم بھتانا عظیم [14]

اور ان کے کفر کی وجہ سے اور حضرت مریم علیہا السلام پر ان کے بڑا بھاری بہتان دھرنے کی وجہ سے۔

تفسیر تفہیم القرآن میں اس آیت کی تفسیر یوں بیان ہوئی ہے۔

حضرت عیسی علیہ السلام کی پیدائش کا معاملہ یہودی قوم میں فی الواقع ذرہ برابر بھی مشتبہ نہ تھا بلکہ جس روز وہ پیدا ہوئے تھے اسی روز اللہ تعالیٰ نے پوری قوم کو اس بات پر گواہ بنا دیا تھا کہ یہ ایک غیر معمولی شخصیت کا بچہ ہے جس کی ولادت معجزے کا نتیجہ ہے نہ کہ کسی اخلاقی جرم کا۔ جب بنی اسرائیل کے ایک شریف ترین اور مشہور و نامور مذہبی گھرانے کی بن بیاہی لڑکی گود میں بچہ لیے ہوئے آئی، اور قوم کے بڑے اور چوٹے سیکڑوں ہزاروں کی تعداد میں اس کے گھر پر ہجوم کر کے آ گئے، تو اس لڑکی نے ان کے سوالات کا جواب دینے کے بجائے خاموشی کے ساتھ اس نوزائیدہ بچے کی طرف اشارہ کر دیا کہ یہ تمہیں جواب دے گا۔ مجمع نے حیرت سے کہا کہ اس بچے سے ہم کیا پوچھیں جو گہوارے میں لیٹا ہوا ہے۔ مگر یکایک وہ بچہ گویا ہو گیا اور اس نے نہایت صاف اور فصیح زبان میں مجمع کو خطاب کر کے کہا کہ انی عبداللہ قف اتنی الکتب وجعلنی نبیا۔ میں اللہ کا بندہ ہوں، اللہ نے مجھے کتاب دی ہے اور نبی بنایا ہے۔" (سورہ مریم رکوع ۲)۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے اس شبہ کی ہمیشہ کے لیے جڑ کاٹ دی تھی جو ولادت مسیح کے بارے میں پیدا ہو سکتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام کے سن شباب کو پہنچنے تک کسی نے نہ حضرت مریم علیہ السلام پر زنا کا الزام لگایا اور نہ حضرت عیسی کو ناجائز ولادت کا طعنہ دیا۔ لیکن جب تیس برس کی عمر کو پہنچ کر آپ نے نبوت کے کام کی ابتدا فرمائی، اور جب آپ نے یہودیوں کو ان کی بد اعمالیوں پر ملامت کرنی شروع کی، ان کے علماء و فقہاء کو ان کی ریاکاریوں پر ٹوکا، ان کے عوام اور خواص سب کو اس اخلاقی زوال پر متنبہ کیا جس میں وہ مبتلا ہو گئے تھے، اور اس پر خطر راستے کی طرف اپنی قوم کو دعوت دی جس میں خدا کے دین کو تا عمر قائم کرنے کے لیے ہر قسم کی قربانیاں برداشت کرنی پڑتی تھیں اور ہر محاذ پر شیطانی قوتوں سے لڑائی کا سامنا تھا، تو یہ مجرم صداقت کی آواز کو دبانے کے لیے ہر ناپاک سے ناپاک ہتھیار استعمال کرنے پر اتر آئے۔ اس وقت انہوں نے وہ بات کہی جو تیس سال تک نہ کہی تھی کہ مریم علیہا السلام معاذ اللہ زانی ہیں اور عیسی ابن مریم والد الزنا۔ حالانکہ یہ جانتے تھے کہ یہ دونوں ماں بیٹے اس گندگی سے بالکل پاک ہیں۔ پس در حقیقت ان کا یہ بہتان کی حقیقی شبہ کا نتیجہ نہ تھا جو واقعی ان کے دلوں میں موجود ہوتا، بلکہ خالص بہتان تھا جو انہوں نے جان بوجھ کر محض حق کی مخالفت کے لیے گھڑا تھا اسی بنا پر اللہ تعالیٰ نے اسے ظلم اور جھوٹ کے بجائے کفر قرار دیا ہے کیونکہ اس الزام سے ان کا اصل مقصد خدا کے دین کا راستہ روکنا تھا نہ کہ ایک بے گناہ عورت پر الزام لگانا۔[15]

مولانا مودودی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں:

"اختلاف سے مراد یہ ہے کہ ایک گروہ نے ان کا انکار کیا تو مخالفت میں اس حد تک پہنچ گیا کہ ان پر ناجائز ولادت کی تہمت لگائی اور انکو اپنے نزدیک سولی پر چڑھوا کر چھوڑا۔"[16]

تبیان القرآن میں ہے:

انہوں نے حضرت مریم پر بہتان لگایا اور انہوں نے ایک پاک دامن عورت پر زنا کی تہمت لگائی، جب کہ ان کی پاک دامنی پر اللہ کے نبی حضرت عیسیٰؑ نے مہد (پالنے) میں کلام کر کے دلیل قائم کی۔ [17]

یہود کی حضرت عیسیٰ کو قتل کرنے کی سازش

یہود کی حضرت عیسیٰؑ کو قتل کرنے کی سازش کے بارے میں قرآن مجید میں وارد ہوا ہے۔

وقولهم إنا قتلنا المسيح عيسى ابن مريم رسول الله [18]

"اور ان کے اس کہنے پر کہ ہم نے قتل کیا مسیح عیسیٰؑ مریم کے بیٹے کو جو رسول علیہ السلام تھا اللہ"

تفسیر القرآن میں اس آیت کے ذمن میں لکھا ہے کہ:

"دوسرا جرم یہ تھا کہ وہ کہتے تھے کہ ہم نے سیدنا عیسیٰؑ کو سولی پر چڑھا کر مار ڈالا ہے۔ یعنی ان کی پیدائش اور وفات جو دونوں معجزانہ طور واقع ہوئی تھیں ان کا صرف انکار ہی نہیں بلکہ ماں بیٹا دونوں پر الزامات بھی لگاتے رہے" [19]

مولانا مفتی شفیع بیان کرتے ہیں:

سورہ آل عمران کی آیت یعیسی انی متوفیک و رافع إلی الآیہ (3:55) میں حق تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دشمن یہود کے عزائم کو ناکام بنانے اور عیسیٰ علیہ السلام کو ان کی دستبرد سے بچانے کے سلسلہ میں پانچ وعدے فرمائے تھے جن کی تفصیل اور مکمل تشریح و تفسیر سورہ آل عمران کی تقریر میں بیان ہو چکی ہے ان وعدوں میں ایک وعدہ یہ بھی تھا کہ یہود کو آپ کے قتل پر قدرت نہیں دی جائے گی، بلکہ آپ کو اللہ تعالیٰ اپنی طرف اٹھالیں گے، اس آیت میں یہود کی شرارتوں اور جھوٹے دعوؤں کے بیان میں اس الٰہیہ کی تکمیل اور یہود کے مغالطہ کا مفصل بیان اور یہود کے اس قول کی مکمل تردید ہے کہ انہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کر دیا ہے۔ [20]

مولانا مودودی لکھتے ہیں:

یعنی جرات مجرمانہ اتنی بڑھی ہوئی تھی کہ رسول جانتے تھے اور پھر اس کے قتل کا اقدام کیا اور فخریہ کہا کہ ہم نے اللہ کے رسول کو قتل کیا ہے۔ اور ہم نے جو اس کے واقعہ کا جو حوالہ دیا ہے اس پر غور کرنے سے یہ بات صاف ہو جاتی ہے۔ کہ یہودیوں کے لیے مسیح علیہ السلام کی میں شک کرنے کی کوئی گنجائش باقی نہ تھی۔ پھر جو روشن نشانیاں انہوں نے حضرت موصوف سے مشاہدہ کیں (جن کا ذکر سورہ آل عمران رکوع 5 میں گزر چکا ہے) ان کے بعد تو یہ معاملہ بالکل ہی غیر مشتبہ ہو چکا تھا کہ آنجناب اللہ کے پیغمبر ہیں۔ اس لیے واقعہ یہ ہے کہ انہوں نے جو کچھ آپ کے ساتھ کیا وہ کسی غلط فہمی کی بنا پر نہ تھا بلکہ وہ خوب جانتے تھے کہ ہم اس جرم کا ارتکاب اس شخص کے ساتھ کر رہے ہیں جو اللہ کی طرف سے پیغمبر بن کر آیا ہے۔

بظاہر یہ بات بڑی عجیب معلوم ہوتی ہے کہ کوئی قوم کسی شخص کو نبی جانتے اور مانتے ہوئے اسے قتل کر دے۔ مگر واقع یہ ہے کہ بگڑی ہوئی قوموں کے انداز واطوار ہوتے ہی کچھ عجیب ہیں۔ وہ اپنے درمیان کسی ایسے شخص کو برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتیں جو ان کی برائیوں پر انہیں ٹوکے اور ناجائز کاموں سے ان کو روکے۔ ایسے لوگ چاہے وہ نبی ہی کیوں نہ ہوں، ہمیشہ بدکردار قوموں میں قید اور قتل کی سزائیں پاتے ہی رہے ہیں۔ تلمود میں لکھا ہے کہ بخت نصر نے جب بیت المقدس فتح کیا تو وہ ہیکل سلیمانی میں داخل ہوا اور اس کی سیر کرنے لگا۔ عین قربان گاہ کے سامنے ایک جگہ دیوار پر اسے ایک تیر کا نشان نظر آیا۔ اس نے یہودیوں سے چوچھا یہ کیسا نشان ہے؟ انہوں نے جواب دیا یہاں زکریا نبی کو ہم نے قتل کیا تھا۔ وہ ہماری برائیوں پر ہمیں ملامت کرتا تھا۔ آخر جب ہم اس کی ملامتوں سے تنگ آ گئے تو ہم نے اسے مار ڈالا۔ بائبل میں یرمیاہ نبی سے متعلق لکھا ہے کہ جب بنی اسرائیل کی بداخلاقیاں حد سے گزر سکیں اور حضرت یرمیادہ نے ان کو متنبہ کیا کہ ان اعمال کی پاداش میں خدا تم کو دوسری قوموں سے پامال کرادے گا تو ان پر الزام لگایا گیا کہ یہ شخص کسدیوں (کلدانیوں سے ملا ہوا ہے اور قوم کا غدار ہے۔ اس الزام میں ان کو جیل بھیج دیا گیا۔ خود حضرت مسیح علیہ السلام کے واقعہ صلیب سے دو ڈھائی سال پہلے ہی حضرت یحییٰ کا معاملہ پیش آ چکا تھا۔ یہودی بالعموم ان کو ئی جانتے تھے اور کم از کم یہ مانتے ہی تھے کہ وہ ان کی قوم کے صالح ترین لوگوں میں سے ہیں۔ مگر جب انہوں نے ہیرودیس (والی ریاست یہودیہ) کے دربار کی برائیوں پر تنقید کی تو اسے برداشت نہ کیا گیا۔ پہلے جیل بھیجے گئے، اور پھر والی ریاست کی معشوقہ کے مطالبے پر ان کا سر قلم کر دیا گیا۔[21]

مولانا مودودی اپنی کتاب یہودیت قرآن کی روشنی میں لکھتے ہیں کہ:

"حضرت عیسیٰؑ پر بنی اسرائیل کے علماء اور سرداران قوم کا غصہ بھڑکا کیونکہ وہ انہیں ان کے گناہوں اور ان کی ریاکاریوں پر انہیں ٹوکتے تھے اور ایمان اور راستی کی تلقین کرتے تھے۔ اس قصور پر ان کے خلاف جھوٹا مقدمہ تیار کیا گیا، رومی عدالت سے ان کے قتل کا فیصلہ حاصل کیا گیا، اور جب رومی حاکم پیلاطس نے یہود سے کہا کہ عید کے روز میں تمہاری خاطر یسوع اور براباڈا کو دونوں میں سے کس کو رہا کروں؟ تو ان کے پورے مجمع نے بالاتفاق پکار کر کہا کہ برابا کو چھوڑ دے اور یسوع کو پھانسی پر لٹکا۔"[22]

رفع مسیح کے بارے میں یہود و نصاری کا اختلاف

قرآن مجید میں ارشاد ہوا ہے:

وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم وان الذين اختلفوا فيه لفي شك منه ما لهم به من علم الا اتباع الظن وما قتلوه يقين۔[23]

"اور انہوں نے نہ اس کو مارا اور نہ سولی پر چڑھایا وہی صورت بن گئی ان کے آگے جو لوگ مختلف باتیں کرتے ہیں اور جو لوگ اس جگہ شبہ میں پڑے ہوئے ہیں کچھ نہیں ان کو اس کی خبر صرف اٹکل پر چل رہے ہیں اور اس کو قتل نہیں کیا بیشک"۔

اس آیت کی تفسیر میں مفتی محمد شفیع اپنی تفسیر معارف القرآن میں لکھتے ہیں کہ:

ان آیات میں واضح کیا گیا کہ **وما قتلوہ وما صلبوہ** یعنی ان لوگوں نے حضرت عیسی ابن مریم کو نہ قتل کیا اور نہ سولی پر چڑھایا بلکہ صورتحال یہ پیش آئی کہ معاملہ ان کے لئے مشتبہ کر دیا گیا۔

یہود کو اشتباہ کس طرح پیش آیا-ولکن شبه لهم کی تفسیر میں امام حضرت ضحاک رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قصہ یوں پیش آیا کہ جب یہود نے حضرت مسیح علیہ السلام کے قتل کا ارادہ کیا تو آپ کے حواری ایک جگہ جمع ہو گئے، حضرت مسیح علیہ السلام بھی ان کے پاس تشریف لے آئے ابلیس نے یہود کے اس دستہ کو جو عیسی علیہ السلام کے قتل کے لئے تیار کھڑا تھا حضرت عیسی علیہ السلام کا پتہ دیا اور چار ہزار آدمیوں نے مکان کا محاصرہ کر لیا حضرت عیسی علیہ السلام نے اپنے حوارئین سے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص اس کے لئے آمادہ ہے کہ باہر نکلے اور اس کو قتل کر دیا جائے اور پھر جنت میں میرے ساتھ ہو، ان میں سے ایک آدمی نے اس غرض کے لئے اپنے آپ کو پیش کر دیا، آپ نے اس کو اپنا کرتا، عمامہ عطا کیا، پھر اس پر آپ کی مشابہت ڈال دی گئی اور جب وہ باہر نکل آیا تو یہود اسے پکڑ کر لے گئے اور سولی پر چڑھا دیا اور حضرت عیسی علیہ السلام کو اٹھا لیا گیا۔

بعض روایات میں ہے کہ یہودیوں نے ایک شخص طیطلانوس کو حضرت عیسی علیہ السلام کے قتل کے واسطے بھیجا تھا، حضرت عیسی تو مکان میں نہ ملے، اس لئے کہ ان کو اللہ تعالی نے اٹھا لیا تھا اور یہ شخص جب گھر سے نکلا تو حضرت عیسی علیہ السلام کا ہمشکل بنا دیا گیا تھا یہود یہ سمجھے کہ یہی عیسی ہے اور اسے اپنے ہی آدمی کو لیجا کر قتل کر دیا (مظہری)

ان میں سے جو بھی صورت حال پیش آئی ہو سب کی گنجائش ہے، قرآن کریم نے کسی خاص صورت کو متعین نہیں فرمایا اس لئے حقیقت حال کا صحیح علم تو اللہ ہی کو ہے، البتہ قرآن کریم نے اس جملے اور دوسری تفسیری روایات سے یہ قدر مشترک ضرور نکلتی ہے کہ یہود و نصاری کو زبردست مغالطہ ہو گیا تھا، حقیقی واقعہ ان سے پوشیدہ رہا اور اپنے اپنے گمان و قیاس کے مطابق انہوں نے طرح طرح کے دعوے کئے اور ان کے آپس ہی میں اختلافات پیدا ہو گئے، اسی حقیت کی طرف قرآن کریم کے ان الفاظ میں اشارہ کیا گیا ہے: وان الذين اختلفوا فيه لفي شک منهمالهم به من علم الا اتباع الظن وما قتلوا يقيناً کہ ان کے پاس صحیح علم کی بنیاد پر کوئی یقینی بات نہیں ہے جن جن لوگوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کے بارے میں اختلاف کر کے طرح طرح کے دعوے کئے ہیں یہ سب شک اور ٹکل کی باتیں

ہیں، صحیح صورت واقعہ ہے کہ انہوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کو یقیناً قتل نہیں کیا، بلکہ اللہ تعالی نے ان کو اپنی طرف اٹھالیا۔[24]

مولانا مودودی اپنی تفسیر تفہیم القرآن میں لکھتے ہیں:

یہ آیت تصریح کرتی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام صلیب پر چڑھائے جانے سے پہلے اٹھالئے گئے تھے اور یہ کہ مسیحیوں اور یہودیوں، دونوں کا خیال کہ مسیح نے صلیب پر جان دی، محض غلط فہمی پر مبنی ہے۔ قرآن اور بائیبل کے بیانات کا متقابل مطالعہ کرنے سے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ غالباً پیلاطس کی عدالت میں تو پیشی آپ ہی کی ہوئی تھی، مگر جب وہ سزائے موت کا فیصلہ سنا چکا، اور جب یہودیوں نے مسیح جیسے پاک نفس انسان کے مقابلہ میں ایک ڈاکو کو جان کو زیادہ قیمتی ٹھہرا کر اپنی حق دشمنی و باطل پسندی پر آخری مہر بھی لگادی، تب اللہ تعالی نے کسی وقت آنجناب کو اٹھالیا۔ بعد میں یہودیوں نے جس شخص کو صلب پر چڑھایا وہ آپ کی ذات مقدس نہ تھی بلکہ کوئی اور شخص تھا جس کو نہ معلوم کس وجہ سے ان لوگوں نے عیسیٰ ابن مریم سمجھ لیا۔ تاہم ان کو جرم اس سے کم نہیں ہوتا۔ کیونکہ جس کو انہوں نے کانٹوں کا تاج پہنایا، جس کے منہ پر تھوکا اور جسے ذلت کے ساتھ صلیب چڑھایا اس کو وہ عیسیٰ بن مریم ہی سمجھ رہے تھے اب یہ معلوم کرنے کا ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے کہ معاملہ کس طرح ان کے لیے مشتبہ ہو گیا۔ چونکہ اس باب میں کوئی یقینی ذریعہ معلومات نہیں ہے اس لیے مجرد قیاس و گمان اور افواہوں کی بنیاد پر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اس شبہ کو نوعیت کیا تھی جس کی بناپر یہودی یہ سمجھے کہ انہوں نے عیسیٰ ابن مریم کو صلیب دی ہے در آں حالے کہ عیسیٰ ابن مریم ان کے ہاتھ سے نکل چکے تھے۔

